بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
ABC Certified
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر :۔ کاشف مراد قلندرانی
جلد نمبر 21 | بروز منگل 22 ستمبر 2026ء/ 9 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 254

پی ٹی آئی والوں کو اسلام آباد آنے نہیں دینگے، عطا تارڑ

تحریک انصاف کبھی پُرامن احتجاج نہیں کرتی، پُرامن لوگ گھروں سے کیل لگے ڈنڈے لے کرنہیں نکلتے، وفاقی وزیر اطلاعات

کوہاٹ واقعہ کے وقت وزیراعلیٰ کہاں تھے؟ وہ سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے، کوہاٹ میں میڈیا سے

کوہاٹ (اے این این) وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کبھی پُرامن احتجاج نہیں کرتی، پُرامن لوگ گھروں سے کیل لگے ڈنڈے لے کرنہیں نکلتے، انہیں اسلام آباد آنے نہیں دیں گے۔ کوہاٹ میں ورکرز سے خطاب اور میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ آج کوہاٹ کی فضا سوگوار ہے، دھرتی کے بہادر جوانوں نے ملکی دفاع کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، سی ایم ایچ کوہاٹ میں زیر علاج زخمی جوانوں کا جذبہ دیدنی ہے، فوج اور پولیس کے جوانوں اور افسران نے بہادری سے آپریشن میں حصہ لیا، ہم سب مل کر دہشت گردی کے ناسور کو ختم کر کے دم لیں گے۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ بزدل دہشت گرد چھپ کر وار کر رہے ہیں، شہید فہیم کے والد کا کہنا ہے کہ بیٹے کی شہادت قابل فخر لمحہ ہے، دہشت گرداس (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی ٹیکس وصولی اور آڈٹ کے عمل کو مزید تیز وشفاف بنانے کا فیصلہ

گوادر میں BRA کا دفتر فعال، جیولرز، بیکریوں اور آن لائن کاروبار کو بھی ٹیکس نیٹ میں لانے کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی کارکردگی، ٹیکس وصولی میں بہتری اور ریونیو بیس کو وسیع کرنے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، چیئرمین (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسلام آباد: وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس میں ماہانہ ترقیاتی جائزے کے دوران معاشی اور ترقیاتی اشاریے پیش کر رہے ہیں

عالمی برادری تنازعات کے پُرامن حل کیلئے ذمہ داری پوری کرے، صدر

اقوام متحدہ کے مشنز میں پاکستانی امن دستوں کی خدمات بین الاقوامی امن کیلئے ہمارے دیرینہ عزم کی عکاسی کرتی ھیں

پائیدار امن صرف مذاکرات، سفارت کاری اور بین الاقوامی قانون کی پاسداری سے ممکن ھے : عالمی یوم امن پر صدر کا پیغام

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ اقوام متحدہ منشور کی پاسداری، بین الاقوامی قانون کے احترام اور تنازعات کے پرامن ذرائع سے منصفانہ اور پائیدار حل کو فروغ دے کر اپنی ذمہ داری پوری کرے۔ پائیدار امن صرف مذاکرات، سفارت کاری، انصاف اور بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مکمل پاسداری کے ذریعے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے، عوام کے حق خودارادیت سے انکار اور سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عدم عملدرآمد کے حامل غیر ملکی تسلط کے حالات میں پائیدار امن قائم نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے یہ بات عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہی جو 21 ستمبر کو پاکستان سمیت دنیا بھر میں منایا جارہا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ امن کا عالمی دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ پائیدار امن صرف مذاکرات، سفارت کاری، انصاف اور بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد اور اصولوں کے مکمل احترام کے ذریعے ہی حاصل کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال کا موضوع امن (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

غیر حل شدہ علاقائی و بین الاقوامی تنازعات عدم استحکام کا سبب ہیں، اسحاق ڈار

ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی سمیت تنازعات کے پرامن تصفیے کیلئے ہماری سفارتی کاوشیں جاری ہیں سلامتی کونسل کی قرارداد 2788 کی منظوری پرامن تصفیے کے میکانزم کو مضبوط بنانے کی اہم تصدیق ہے

اقوام متحدہ کے امن مشنوں میں پاکستان کا کردار مسلمہ، تنازعات کے پرامن حل کے لیے پختہ عزم کا اعادہ، پاکستان بین الاقوامی امن وسلامتی اور اقوام متحدہ کو مرکز بنا کر موثر وجامع کثیر الجہتی نظام کیلئے پختہ عزم کا اعادہ کرتا ہے

اسلام آباد (اے این این) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان بین الاقوامی امن وسلامتی اور اقوام متحدہ کو مرکز بنا کر ایک موثر اور جامع کثیر الجہتی نظام کے لیے اپنے پختہ عزم کا اعادہ کرتا ہے، یہ دن ہم سب کے لیے ایک اہم یاد دہانی ہے کہ مکالمہ، سفارت کاری اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مقاصد واصولوں پر عمل ہی پائیدار امن حاصل کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق نائب وزیراعظم نے ان خیالات کا اظہار عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عالمی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

اسلام آباد: جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے نیشنل سیکیورٹی اینڈ وار کورس کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

لانگ مارچ، اسلام آباد کے سرکاری تعلیمی ادارے آج سے بند کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد میں اضافی پولیس نفری کے لیے رہائش کا انتظام سرکاری اسکولوں میں کیا جارہا ہے، ذرائع

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد میں لانگ مارچ کے معاملے پر شہر کے سرکاری تعلیمی ادارے (آج) 22 ستمبر سے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد کے 24 سرکاری تعلیمی ادارے (آج) 22 ستمبر سے بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جب کہ وفاقی دارالحکومت میں اضافی پولیس نفری کے لیے رہائش کا انتظام سرکاری اسکولوں میں (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

سریاب تا کچلاک جناح پیپلز ٹرین چلانے کی تیاری مکمل

کیرج فیکٹری میں جناح پیپلز ٹرین کی کوچز 4 ماہ کی ریکارڈ مدت میں تیار کی گئیں

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے خصوصی تعاون سے کیرج فیکٹری میں جناح پیپلز ٹرین کی کوچز 4 ماہ کی ریکارڈ مدت میں تیار کر لی گئیں، ٹرین جلد سریاب سے کچلاک تک اپنا آپریشن شروع کرے گی۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی ہدایت اور زیر نگرانی جناح پیپلز ٹرین کا ریک کیرج فیکٹری سے شاندار انداز میں روانہ کیا گیا، کیرج فیکٹری کے محنت کشوں نے اپنی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

کوئٹہ: ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس میں اساتذہ کی حاضری اور ترقیاتی امور کا جائزہ

اسکولوں میں ریشنلائزیشن ڈیٹا، غیر حاضر ملازمین اور کنٹریکٹ اسٹاف کے ریکارڈ پر تفصیلی غور

کوئٹہ (خ ن) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر، یونیسف کوآرڈینیٹر، تمام متعلقہ ڈی ڈی اوز (میل/فیمیل) اور دیگر متعلقہ افسران نے (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ، ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنے پر زور

ٹیس دہندگان کو ریٹرن فائلنگ میں سہولت فراہم کی جائے گی، وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کا ماہانہ پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی اور محکمہ خزانہ کے متعلقہ حکام، بشمول سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ، نے شرکت کی۔ اجلاس میں چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے ٹیکس وصولی میں پیش رفت، جاری اصلاحات، فنانس ایکٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سینیٹر نسیب اللہ بازئی کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

خطے میں پائیدار امن کیلئے مسئلہ کشمیر اور فلسطین کا حل ضروری ہے، ایاز صادق

پاکستان کے امن دستے گزشتہ کئی دہائیوں سے اقوام متحدہ کے امن مشنز میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں

عالمی امن کے قیام کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کا حل ناگزیر ہے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ عالمی امن کے قیام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کا حل ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم امن پر اپنے پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار امن اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصولوں کے احترام اور مکالمے کے ذریعے حاصل کیا جا سکتا ہے، پاکستان عالمی امن اور استحکام کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا، پاکستان کے امن دستے گزشتہ کئی دہائیوں سے اقوام متحدہ کے امن مشنز میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے میں (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک پہنچ گئے

نیویارک (یو این اے) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس میں شرکت (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

مستونگ، بازار میں مسلح افراد کی بینک میں ڈکیتی، فائرنگ سے سی سی ٹی وی کیمرے توڑ دیے

ملزمان نے الائیڈ بینک کو نشانہ بنایا، فائرنگ سے علاقے میں خوف وہراس پھیل گیا، سکیورٹی فورسز کی جانب سے ملزمان کی تلاش شروع

مستونگ (یو این اے) کوئٹہ کے بعد مستونگ میں مسلح افراد نے بازار میں بینک لوٹنے کے بعد فائرنگ کرتے ہوئے مختلف مقامات پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کو بھی نشانہ بنایا اور فرار ہوگئے۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے مستونگ شہر کے بازار میں فائرنگ کی، جس سے (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

ملک بھر میں پولیو مہم کا آغاز، 3 کروڑ 10 لاکھ بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے

حکومتِ پاکستان وزیراعظم کی قیادت میں ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پُرعزم ہے، مصطفیٰ کمال

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیرِ صحت سید مصطفیٰ کمال نے وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسدادِ پولیو عائشہ رضا فاروق کے ہمراہ ملک بھر میں ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کا افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیرِ صحت اور وزیراعظم کی فوکل پرسن نے بچوں کو پولیو سے (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سریاب روڈ گرین ٹاؤن میں فائرنگ، دو افراد جاں بحق، واقعے کی تحقیقات شروع

غلام سرور نے بہاول کو قتل کیا، مسلح افراد نے اسلحہ چھین کر غلام سرور کو بھی مار ڈالا، پولیس

کوئٹہ (اے این این) سریاب روڈ گرین ٹاؤن کے قریب مسلح افراد کی فائرنگ کے واقعے میں دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ ڈی ایس پی سریاب طالب حسین کے مطابق جاں بحق افراد کی شناخت غلام سرور اور بہاول کے نام سے ہوئی ہے۔ ڈی ایس پی کے مطابق ابتدائی تحقیقات (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

دہشت گرد عناصر کسی رعایت کے قابل نہیں، بابر یوسفزئی

بلوچستان میں امن واستحکام کے قیام کے لیے دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (یو این اے) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر خان یوسفزئی نے کہا ہے کہ پنجگور کے علاقوں اپھان اور کوہِ پروم میں آپریشن کے تحت سکیورٹی فورسز کی کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان سے وابستہ 4 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ انہوں نے بتایا کہ کارروائیوں کے دوران ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ بابر خان یوسفزئی نے سکیورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

سینیٹر عبدالشکور غبیزئی کو اسلام آباد ایئرپورٹ پر چین جانے سے روک دیا گیا

نام اسٹاپ لسٹ میں شامل نہ ہونے کے باوجود آف لوڈ کیا گیا، پرواز روانہ ہوگئی

کوئٹہ، اسلام آباد (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سینیٹر عبدالشکور خان عبیزئی کو اسلام آباد ایئرپورٹ پر ایف آئی اے حکام نے چین جانے سے روک دیا، جس کے باعث ان کی پرواز بھی مس ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر عبدالشکور خان عبیزئی چین روانگی کے لیے اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچے تھے، تاہم ایف آئی اے حکام نے انہیں بیرون ملک جانے سے روک (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی لاہور سے اسلام آباد پہنچ گئے

طاقتور لوگ پاکستان کو غلط سمت میں لے جارہے ہیں، 27 ستمبر کو پورا پاکستان سڑکوں پر نکلے گا، سہیل آفریدی

اسلام آباد/لاہور (جی این ایم) بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کی گرفتاری رکوانے میں ناکامی کے بعد وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی لاہور سے اسلام آباد پہنچ گئے۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو گرفتاری سے بچانے کیلئے رات گئے لاہور پہنچے تھے، نورین بی بی کی گرفتاری کے بعد وزیراعلیٰ واپس اسلام آباد روانہ ہوئے۔ قبل ازیں وزیراعلیٰ نے لاہور (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

وزیراعظم کا ہنگو میں 8 دہشتگردوں کی ہلاکت پر فورسز کو خراجِ تحسین، شہید جوانوں کو خراج عقیدت

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے ہنگو میں 8 دہشتگردوں کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے پیغام میں جام شہادت نوش کرنے والے کیپٹن ابوذر فاروق، لیفٹیننٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

مظاہرین کو روکنے کے لیے اسلام آباد مختلف شاہراہوں پر ہزاروں کنٹینرز پہنچا دیے گئے

ڈی چوک کو مکمل طور پر سیل مختلف راستوں پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ وفاقی دارالحکومت میں سیکیورٹی کے سخت اور غیر معمولی انتظامات

اسلام آباد (جی این ایم) سیاسی جماعتوں کے احتجاج کے پیش نظر مظاہرین کو روکنے کے لیے اسلام آباد مختلف شاہراہوں پر کنٹینرز پہنچا دیے گئے ہیں تفصیلات کے مطابق سیاسی جماعتوں کے متوقع احتجاج اور دھرنوں کو روکنے کے لیے وفاقی دارالحکومت میں سیکیورٹی کے سخت اور غیر معمولی انتظامات شروع کر دیے گئے ہیں شہر کے مرکزی راستوں اور اہم چوراہوں پر کنٹینرز پہنچا دیے گئے ہیں جبکہ ڈی چوک کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا ہے انتظامیہ کی جانب سے مظاہرین کو شہر (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

عنقریب پاکستان امن کا گہوارہ ہوگا، وزیراعظم

قومی ایکشن پلان برائے انسانی حقوق 2026 کا مقصد بین المذاہب ہم آہنگی اور اقلیتوں کا تحفظ یقینی بنانا ہے نفرت، عدم برداشت اور امتیازی سلوک جیسی منفی اقدار کے سد باب میں سب اپنا کردار ادا کریں: وزیراعظم کی اپیل

پاکستان نے پرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کے لئے کاوشیں کی ہیں، جامعات میں شہری ذمہ داری، رواداری اور تنوع کے احترام کو تقویت دینا سماجی امن کا ضامن ہے

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر پرامن بقائے باہمی، عالمی استحکام وسلامتی، ترقی و خوشحالی کے مساوی مواقعوں کی فراہمی اور عدل و انصاف جیسی تعمیری روایات سے اپنی وابستگی کا تجدید عزم کرتا ہے۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق عالمی یوم امن کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ علاقائی اور بین الاقوامی امن کے فروغ میں پاکستان کا حالیہ تعمیری کردار قوم کیلئے باعث اعزاز ہے۔ پاکستان نے پرخلوص انداز میں تنازعات کے خاتمے، کشیدگی میں کمی اور عالمی امن کے فروغ کے لئے کاوشیں کی ہیں۔ اقوام متحدہ کے زیر نگرانی امن مشنز میں پاکستان نے ہمیشہ ہراول دستہ کے طور پر خدمات سر انجام دیں ہیں جو ہمارا قومی فخر ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس سال یہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

امریکا کا ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی میڈیا ٹیم کو ویزے دینے سے انکار

تہران (جی این ایم) امریکا نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی میڈیا ٹیم کو ویزے دینے سے انکار کر دیا ہے ایرانی ذرائع ابلاغ کے مطابق ایک ایرانی عہدیدار نے بتایا ہے کہ امریکا نے صدر مسعود پزشکیان کی میڈیا ٹیم کو ویزے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

نئے انتظامی یونٹس کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، مصطفیٰ کمال

نوجوانوں کے حقوق مارے جارہے ہیں، جعلی ڈومیسائل سے شہری کوٹے پر حق تلفی کی جارہی ہے

کراچی (جی این ایم) وفاقی وزیر صحت اور ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما مصطفیٰ کمال نے نئے انتظامی یونٹس کے قیام کو وقت کی اہم ضرورت قرار دے دیا۔ کراچی کے علاقے کورنگی میں رابطہ مہم سے خطاب میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ ملک کی بقا اور بہتر انتظامی نظام کے لیے نئے یونٹس بنانا ناگزیر ہے، 6 ہفتے بعد شارع فیصل پر ہر زبان بولنے والا اپنے انتظامی یونٹ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

بانیء پی ٹی آئی کی بہنوں عظمٰی خان اور نورین نیازی کی نظر بندی عدالت میں چیلنج

لاہور (اے این این) لاہور ہائی کورٹ میں بانی پی ٹی آئی کی بہنوں عظمٰی خان اور نورین نیازی کی نظر بندی چیلنج کر دی گئی۔ عدالت میں دائر کی گئی درخواست میں پنجاب حکومت، ہوم ڈپارٹمنٹ، ڈی سی لاہور سمیت دیگر کو فریق بنایا (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

اسلام آباد: جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان اہم مالیاتی معاہدوں پر دستخط

معاہدوں کے تحت 3 اہم ترقیاتی پروگرام شروع کیے جائیں گے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور یورپی یونین کے درمیان ساڑھے 6 کروڑ یورو کے معاہدوں پر دستخط ہوگئے۔ معاہدوں کے تحت پاکستان میں 3 اہم ترقیاتی پروگرام شروع کیے جائیں گے۔ معاہدوں پر سیکرٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم اور یورپی یونین کے سفیر ریمونڈاس کروبلیس نے دستخط کیے۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق پروگراموں میں سرمایہ کاری، قانون (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

سپریم کورٹ نے ڈائریکٹر امیگریشن فرخ جمال صدیقی کی ضمانت منظور کر لی

اسلام آباد (جی این ایم) سپریم کورٹ نے پشاور سے گرفتار ڈائریکٹر امیگریشن فرخ جمال صدیقی اور ان کے ڈرائیور محمد حکیم کی ضمانت منظور کر لی۔ جسٹس جمال مندوخیل (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

بی وائی سی رہنما گل زادی بلوچ کو قتل کے مقدمے میں عمر قید کی سزا

کوئٹہ کی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن عدالت ون کا فیصلہ، جرم ثابت ہونے پر سزا سنائی گئی

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج ون کی عدالت نے بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کی رہنما گل زادی بلوچ کو قتل کے ایک مقدمے میں جرم ثابت ہونے پر عمر قید کی سزا سنا دی۔ عدالت نے مقدمے کی سماعت کے بعد دستیاب شواہد اور ریکارڈ کی بنیاد پر فیصلہ سناتے ہوئے گل زادی بلوچ کو عمر قید کی سزا سنائی۔ گل زادی بلوچ بی وائی سی کی رہنماں میں (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

لانگ مارچ؛ اسلام آباد میں سیکیورٹی تیاریاں جاری، 65 ہزار اہلکار تعینات

اسلام آباد (اے این این) پی ٹی آئی کے ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد، راولپنڈی اور اٹک میں سکیورٹی تیاریاں عروج پر پہنچ گئی ہیں۔ ذرائع کے مطابق تینوں شہروں (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

یکم جنوری 2006 کے بعد سے رجسٹرڈ موٹر سائیکل، چنگچی، رکشہ اور چھوٹی گاڑیاں خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم

موٹر سائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کے لیے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کے لیے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

REG لکھ کر space دیں
STEP 01 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP 02 بغیر space نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP 03 صوبے کے نام کا پہلا حرف
جہاں آپ کی گاڑی رجسٹر ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں
STEP 04 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ
بمعہ، مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010
چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر
9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP 01 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP 02 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہو گی
STEP 03 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کر سکتے ہیں

صوبے کے نام کا پہلا حرف
I اسلام آباد
P پنجاب
K خیبر پختونخوا
G گلگت بلتستان
S سندھ
B بلوچستان
A آزاد جموں و کشمیر

مزید معلومات کے لیے
www.pmfuelrelief.pk
وزٹ کریں یا QR اسکین کریں

REG 4650191820545 LHR123 P 30082018

وزارتِ اطلاعات ونشریات
حکومتِ پاکستان
URAAN PAKISTAN
/GovtofPakistan | govtofpakistan | @GovtofPakistan | @govtofpak | www.moib.gov.pk
PID (I) 2712-D/26

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
ABC Certified
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی
ایڈیٹرانچیف ایم۔ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج میں درسی کتب کی تقسیم

گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج چتکان میں کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رائفلز کی جانب سے طالبات میں درسی کتب تقسیم کی گئیں درسی کتب کی تقسیم کے حوالے سے ایک مختصر مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا اور تقریب کے مہمان خاص کمانڈنٹ ایف سی پنجگور رائفلز بریگیڈیئر نادر محی الدین تھے اور کالج کی طالبات نے مہمان کو گلدستہ پیش کر کے خوش آمدید کیا. تقریب میں کالج انتظامیہ کی جانب سے طالبات کو درسی کتب کی فراہمی کے حوالے سے منعقد تقریب میں کمانڈنٹ ایف سی نے طالبات میں درسی کتب تقسیم کیں اور تعلیم کی اہمیت پر طالبات سے بات چیت کی. طالبات نے کالج کے مسائل، کالج بس کی مرمت، کلاس رومز اور آفس کیلئے سولر سسٹم کی فراہمی سمیت کالج کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے کمانڈنٹ ایف سی کو اپنے گزارشات پیش کئے. کمانڈنٹ ایف سی بریگیڈیئر نادر محی الدین نے طالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تعلیم ہی سے ہم ایک بہتر مستقبل کی جانب سفر کر کے اپنے آنے والی نسلوں کو ایک بہتر زندگی دے سکتے ہیں. تعلیم کی زیور سے آراستہ کرنا ہماری ضرورت اور مستقبل میں آنے والی چیلنجز سے نمٹنے کا واحد ذریعہ ہے اور جب تک ہم تعلیم یافتہ نہ ہوں گے اور تعلیم ہی کی حصول پر توجہ نہیں دیں گے ہماری آنے والی نسلیں جدید دور اور مستقبل کی چیلنجز سے نہیں نمٹ سکتے. انہوں نے کہا کہ پنجگور کے بچوں میں وہ ذہانت جو موجود ہے وہ ملک کے کسی بھی علاقوں کے بچوں میں نہیں ہے. آج بچیوں کو اس کالج میں دیکھ کر اپنی ماضی اور کالج کے دن یاد آ رہے ہیں کہ کس لگن اور خلوص سے ہم تمام تر بنیادی سہولیات سے محروم سکول اور کالجوں میں زیر تعلیم رہے ہیں۔

بقیہ 1

قوم کے جذبے کو کم نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوہاٹ واقعہ کے وقت وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ وزیراعلیٰ سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے، ان کے پاس انتشار کی سیاست کا وقت ہے، اپنے صوبے کے عوام کے لیے وقت نہیں، سہیل آفریدی نے 15 منٹ ہیلی کاپٹر پر چکر لگایا اور چلے گئے، تعلیم، صحت اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے آپ نے کیا کیا ہے؟ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت صرف سوشل میڈیا پر پوسٹیں لگانا جانتی ہے، صوبے میں پولیس کی سہولت کے لیے فرانزک لیب تک موجود نہیں، من پسند لوگوں کو ٹھیکے دے کر پیسے وصول کیے جاتے ہیں، صوبے میں کرپشن کے نئے ریکارڈ قائم کیے جا رہے ہیں، اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، مسلح جتھوں کو اسلام آباد کی طرف آنے نہیں دیا جائے گا، پی ٹی آئی والے بھی پرامن نہیں رہے، پرامن احتجاج ان لوگوں کی روایت نہیں ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پرامن لوگ گھروں سے کیل لگے ڈنڈے لے کر نہیں نکلتے، پی ٹی آئی والوں سے حساب لیا جائے گا، فنڈز کے بہانوں کے پیچھے انہیں چھپنے نہیں دیں گے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ کوہاٹ میں ٹنل اور موٹروے جیسے منصوبے محمد نواز شریف نے بنائے، خیبر پختونخوا میں جنگلات کاٹے جا رہے ہیں، جعلی سگریٹس کی فیکٹریاں پکڑی گئی ہیں، خیبر پختونخوا میں گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیے گئے؟ صوبے کا ترقیاتی فنڈ کہاں خرچ ہو رہا ہے، کسی کو معلوم نہیں۔

بقیہ 2

بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور ان پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کمپنیوں، ہوٹلز، ہسپتالوں اور دیگر مختلف شعبوں کے آڈٹ کے عمل کو مزید تیز، مؤثر اور شفاف بنایا جائے گا، تاکہ ٹیکس نظام میں شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے صوبائی ریونیو میں اضافہ کیا جا سکے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ گوادر میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا دفتر فعال کر دیا ہے، جس سے گوادر اور گردونواح میں ٹیکس سے متعلق امور کی نگرانی اور ٹیکس دہندگان کو خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ اس کیعلاوہ جیولرز، بیکریوں، پراپرٹی ڈیلرز، کار شورومز، پانی فراہم کرنے والی کمپنیوں اور دیگر متعلقہ کاروباری شعبوں کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرے؟ کار میں لانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ یوٹیوبرز اور آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد و اداروں کو بھی قانونی تقاضوں کے مطابق بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرے؟ کار میں شامل کرنے کے لیے اقدامات تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا، ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف بنانا اور کاروباری سرگرمیوں کو دستاویزی شکل دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ٹیکس قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے ساتھ ساتھ ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید کاروباری رجحانات اور آن لائن معیشت کو بھی ٹیکس نظام کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ تمام اقدامات قانون اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق ہونی چاہئیں اجلاس میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کارکردگی مزید بہتر بنانے اور صوبائی آمدن میں اضافے کے لیے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 3

کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بند اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیاں فی الحال معطل رہیں گی، آن لائن تعلیم یا متبادل ذرائع سے متعلق وفاقی نظامت تعلیم کی کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی اور تحریک انصاف نے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا اعلان کر رکھا ہے جس کے باعث دارالحکومت کی مختلف شاہراہوں پر کنٹینر رکھ دیے گئے ہیں۔

بقیہ 4

چارٹر کو برقرار رکھتے ہوئے بین الاقوامی قانون کا احترام اور تنازعات کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے پرامن ذرائع سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنوں میں فوجی دستے فراہم کرنے والے ایک طویل عرصے سے سرگرم اور صف اول کے ملک کے طور پر بین الاقوامی امن و سلامتی کے قیام کے لیے پاکستان کا پائیدار عزم مسلمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تنازعات کی روک تھام اور ان کے حل کے لیے مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے ایک جامع نقطہ نظر کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے، تنازعات کے پرامن تصفیے کے حق میں ہماری سفارتی کاوشیں جن میں ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی بھی شامل ہے، اسی عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کونسل کی صدارت کے دوران پاکستان کی جانب سے پیش کردہ اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل کی قرارداد 2788 کا متفقہ طور پر منظور ہونا تنازعات کے پرامن تصفیے کے میکانزم کو مضبوط بنانے کے لیے کونسل کے عزم کی ایک اہم تصدیق ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا موقف ہے کہ غیر حل شدہ تنازعات علاقائی اور بین الاقوامی عدم استحکام کو ہوا دیتے رہتے ہیں، پاکستان یہ بھی سمجھتا ہے کہ جب اقوام کے تسلیم شدہ حق خودارادیت سے انکار کیا جائے اور اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل کی قراردادوں پر عمل درآمد نہ کیا جائے تو پائیدار امن حاصل نہیں کیا جا سکتا، یہ بات غیر ملکی قبضے کی صورتحال پر خاص طور پر واضح ہے، جن میں بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر اور مقبوضہ فلسطینی علاقے شامل ہیں۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان پرامن اور خوشحال دنیا کے لیے مشترکہ عزم کو آگے بڑھانے میں ایک قابل اعتماد شراکت دار کے طور پر کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 5

محنت سے تیار کی گئی ٹرین کو خوشی اور فخر کے ساتھ الوداع کیا۔ جناح پیپلز ٹرین کی بحالی حکومت بلوچستان کے خصوصی تعاون اور پاکستان ریلوے کی کاوشوں کا عملی ثبوت ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے وزیراعلیٰ بلوچستان اور حکومت بلوچستان کے تعاون پر اظہار تشکر کیا۔ ریلوے کی تاریخ میں پہلی بار صوبوں کے اشتراک سے عوامی فلاح کے منصوبوں کو عملی شکل دی جا رہی ہے۔ پاکستان ریلوے کسی ایک صوبے کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کا ادارہ ہے، جو ملک کے ہر حصے کو جوڑنے والی مضبوط زنجیر ہے۔ سریاب، کچلاک، شیخ ماندا، بلیلی، جی او آر ہالٹ اور کوئٹہ سمیت اسٹیشنز پر سہولیات کی بہتری اور اپ گریڈیشن کا کام کیا گیا۔ جناح پیپلز ٹرین سے بلوچستان کے عوام بالخصوص طلبہ، خواتین، بچوں، مزدوروں اور عام شہریوں کو سستی، محفوظ اور بہتر سفری سہولت میسر آئے گی۔ جناح پیپلز ٹرین بلوچستان کے عوام کے لیے سفری سہولت کی فراہمی اور صوبے کو ریلوے نیٹ ورک سے مزید مضبوطی سے جوڑنے کی اہم کاوش ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کے مطابق صوبوں کے تعاون سے ریلوے کے ذریعے عوامی خدمت اور قومی رابطے کا دائرہ مزید وسیع کیا جا رہا ہے۔ کیرج فیکٹری سے جناح پیپلز ٹرین کی روانگی، محنت کشوں کے چہروں پر اپنی محنت کی کامیابی کی خوشی نمایاں رہی۔

بقیہ 6

میں سرمایہ کاری: ہر ایک کے لیے، ہر جگہ، ہر دن، ہمیں یاد دلاتا ہے کہ امن کے لیے ہر سطح پر مسلسل کوششوں کی ضرورت ہے۔ صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی امن و سلامتی اور اقوام متحدہ کے مرکزی کردار پر مبنی مضبوط، مؤثر اور جامع کثیرالجہتی نظام کے لیے اپنے پختہ عزم پر کاربند ہے۔ ہم تنازعات کے پرامن تصفیہ اور مذاکرات، سفارت کاری اور اجتماعی اقدام کی بنیاد پر تنازعات کی روک تھام اور حل کے لیے جامع نقطہ نظر کی حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں سے پاکستانی امن دستوں نے دنیا بھر میں اقوام متحدہ کے مشنز میں خدمات انجام دی ہیں، شہریوں کے تحفظ، تنازعات سے متاثرہ کمیونٹیز کی مدد کرنے اور ایسے حالات پیدا کرنے میں معاونت کی ہے جہاں امن کی بنیاد مضبوط ہو سکے۔ اکثر مشکل اور خطرناک حالات میں، ان کی خدمات بین الاقوامی امن کے لیے پاکستان کے دیرینہ عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ ہم ان کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے اس مقصد کے لئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا اور اقوام متحدہ کے قیام امن اور استحکام کی کوششوں کی حمایت کے لیے پرعزم رہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان تنازعہ کے خاتمے کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کا عالمی سطح پر اعتراف کیا گیا ہے۔ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت نے کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کے ذریعے حل کی راہ ہموار کی۔ بعد ازاں برگن اسٹاک، سوئٹزرلینڈ میں اعلیٰ سطح کے مذاکرات نے اس یادداشت پر عملدرآمد پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے کوشش کو آگے بڑھایا۔ پاکستان بات چیت کو جاری رکھنے اور خطے کے عوام اور وسیع تر دنیا کے لیے پائیدار امن کے حصول کی کوششوں میں مصروف عمل ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ گزشتہ سال اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی صدارت کے دوران پاکستان کی جانب سے پیش کردہ سلامتی کونسل کی قرارداد 2788 کا متفقہ طور پر منظور ہونا، تنازعات کے پرامن حل کے طریقہ کار کو مضبوط بنانے کے لیے سلامتی کونسل کے عزم کا ایک اہم اعادہ تھا۔ انہوں نے اس امر کا اعادہ کیا کہ پاکستان سمجھتا ہے کہ جہاں عوام کے حق خودارادیت سے انکار کیا جائے اور سلامتی کونسل کی قراردادوں پر عملدرآمد نہ ہو، وہاں پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا۔ اس میں غیر ملکی تسلط کے حالات بھی شامل ہیں جن میں بھارتی غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر اور مقبوضہ فلسطینی علاقے شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یوم امن کے موقع پر پاکستان عالمی برادری پر زور دیتا ہے کہ وہ اقوام متحدہ کے منشور کی پاسداری، بین الاقوامی قانون کے احترام اور تنازعات کے پرامن ذرائع سے منصفانہ اور پائیدار حل کو فروغ دے کر اپنی ذمہ داری پوری کرے۔ صدر نے کہا کہ ہم مغربی ایشیا اور اس سے آگے کشیدگی میں کمی کے لیے مسلسل حمایت کے متقاضی ہیں۔ پاکستان اس اجتماعی کاوش میں ایک قابل اعتماد شراکت دار کی حیثیت سے زیادہ پرامن اور خوشحال دنیا کے قیام کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 7

شرکت کی۔ اجلاس میں محکمہ تعلیم سے متعلق ریشنلائزیشن ڈیٹا، غیر حاضر ملازمین کا ریکارڈ اور نئے کنٹریکٹ ملازمین کا ڈیٹا پیش کیا گیا اور اس کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر RTMM کی جانب سے ضلع کے تمام اسکولوں میں حاضر اور غیر حاضر اساتذہ کا ڈیٹا بھی پیش کیا گیا، جبکہ غیر حاضر اساتذہ کی تنخواہوں میں کٹوتی سے متعلق ڈیٹا بھی اجلاس کے سامنے رکھا گیا۔ یونیسف آفیسر کی جانب سے کوئٹہ کے 6 اسکولوں میں ترقیاتی کاموں سے متعلق ڈیٹا پیش کیا گیا، جبکہ یونیسف کی جانب سے مختلف اسکولوں میں فراہم کی جانے والی اسکول ٹریننگ سے متعلق رپورٹ بھی اجلاس میں پیش کی گئی۔ اجلاس میں تعلیمی اداروں میں اساتذہ کی حاضری، ریکارڈ کی درستگی، ترقیاتی امور اور تعلیمی نظام کی مؤثر نگرانی کو یقینی بنانے کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 8

میں کی گئی ترامیم کے محصولات پر اثرات اور ٹیکس وصولی میں مزید بہتری کے لیے تجاویز کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ پیش کی گئی۔ وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی جانب سے ٹیکس وصولی اور اصلاحات کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے ہدایت کی کہ ٹیکس نظام میں شفافیت کو مزید مضبوط بنایا جائے اور ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ اور ریٹرن جمع کرانے کے مراحل میں زیادہ سے زیادہ سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ٹیکس دہندگان کو بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ، 2015 کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے اور ٹیکس قوانین کی تعمیل کا مؤثر موقع فراہم کیا جائے، جبکہ عدم تعمیل کرنے والے ٹیکس دہندگان کے خلاف قانون کے مطابق انفورسمنٹ کے اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ ڈیجیٹل نظام، شفافیت، ٹیکس دہندگان کی سہولت اور مؤثر انفورسمنٹ کے ذریعے ٹیکس بیس کو وسعت دیتے ہوئے صوبائی محصولات میں مزید بہتری لائی جائے۔

بقیہ 9

شیراز بابر سمیت 4 جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہید افسران، جوانوں نے وطن عزیز کے دفاع، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں بے مثال شجاعت کا مظاہرہ کیا۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ ملکی سلامتی کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو قوم سلام پیش کرتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ ملک سے دہشتگردی کے مکمل خاتمے کے لیے آپریشن عزم استحکام کے تحت کارروائیاں پوری قوت سے جاری رہیں گی۔

بقیہ 10

کے قریب موٹروے پر ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے کہا تھا کہ انہیں اطلاع ملی ہے کہ نورین اور عظمیٰ بی بی کو گرفتار کیا جا رہا ہے اسی لیے وہ خود لاہور جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نورین آپا کو لینے لاہور روانہ ہوا ہوں، طاقتور لوگ پاکستان کو غلط سمت میں لے جا رہے ہیں، سابق وزیراعظم کے خاندان کے ساتھ ناروا سلوک کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ بانی چیئرمین کی بہن علیمہ آپا کو گرفتار کیا گیا اور ان کے گھر پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ سفید کپڑوں میں ملبوس افراد بینرز پھاڑ رہے ہیں اور کنونشن میں داخل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال کیا جا رہا ہے، سفید کپڑوں میں افراد نے ایک صوبائی وزیر کو اغوا کرنے کی بھی کوشش کی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ آپ تو آئین و قانون کے محافظ ہیں، پاکستان کو تقسیم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، 27 ستمبر کو پورا پاکستان سڑکوں پر نکلے گا۔ واضح رہے کہ پولیس نے رات گئے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو بھی گرفتار کر لیا جبکہ اس سے قبل علیمہ خان کو پہلے ہی گرفتار کر لیا گیا تھا۔

بقیہ 11

میں داخل ہونے سے روکنے کے لیے تمام اہم شاہراہوں پر عارضی رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں ڈی چوک، سیرینا چوک، سری نگر ہائی وے، مارگلہ ایونیو اور فیض آباد پر بڑی تعداد میں کنٹینرز لگا کر راستے بند کیے جا رہے ہیں روات کے مقام پر بھی ٹی چوک پر کنٹینرز کی بڑی کھیپ فراہم کر دی گئی ہے تاکہ جنوبی پنجاب اور دیگر علاقوں سے آنے والے راستوں کو بلاک کیا جا سکے خیبر پختونخوا اور دیگر علاقوں سے آنے والے قافلوں کو روکنے کے لیے انتظامیہ نے ایک نیا لائحہ عمل اپناتے ہوئے مختلف راستوں پر خندقیں کھودنے کا فیصلہ کیا ہے جی ٹی روڈ، 26 نمبر چونگی، پیرودھائی، آئی جے پی روڈ، اسوال موڑ اور کٹی پہاڑی پر خندقیں کھودی جائیں گی تاکہ گاڑیوں کی آمدورفت کو مکمل طور پر روکا جا سکے۔

بقیہ 12

عالمی دن امن میں سرمایہ کاری، سب کے لیے، ہر جگہ، ہر روز کی زیر عنوان منایا جا رہا ہے۔ یہ موضوع اجاگر کرتا ہے کہ امن محض جنگی تنازعات کی عدم موجودگی کا نام نہیں بلکہ اس کے حقیقی ثمرات کا اظہار عالمی اور قومی سطح پر انسانوں کی معاشی و معاشرتی آسودگی، بنیادی حقوق کے تحفظ، عزت و احترام، یکساں مواقعوں اور شمولیت سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاامتیاز اور بلاتفریق رنگ و نسل مساویانہ معاشرتی رویہ ہی پائیدار امن کا ضامن ہے۔ یہ رویہ انفرادی اور اجتماعی سطح پر نفرت، تشدد، تعصب جیسے منفی جذبات کے سدباب سے ہی قائم کیا جا سکتا ہے۔ اسلامی تعلیمات اور آئین پاکستان انسانی وقار اور بنیادی حقوق کے تحفظ کی ضمانت کے ساتھ معاشرتی امن کی مضبوط بنیاد فراہم کرتا ہے۔ حکومت کی پالیسیاں اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہیں کہ تمام شہریوں، بالخصوص خواتین، بچوں، اقلیتوں، خصوصی افراد اور دیگر کمزور و محروم طبقات کے مساوی حقوق و فرائض کو محفوظ فراہم کیا جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت نے قومی ایکشن پلان برائے انسانی حقوق 2026 کے ذریعے انسانی حقوق کے تحفظ اور معاشرتی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے ایک جامع لائحہ عمل اپنایا ہے۔ اس پروگرام کا مقصد میں ملک میں بین المذاہب ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کے فروغ، نفرت انگیز تقاریر اور امتیازی سلوک کی روک تھام، اقلیتوں اور کمزور طبقات کے تحفظ کو مضبوط بنانے، انصاف تک رسائی بہتر کرنے اور ادارہ جاتی احتساب کو مؤثر بنانے کے لیے ٹھوس اقدامات شامل ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ امن کی دائمی مضبوطی کا انحصار سماج کے اجتماعی شعور اور انفرادی فہم پر ہوتا ہے اسی تناظر میں تعلیمی نظام میں اس عنصر کی تربیت ناگزیر ہے۔ جامعات میں شہری ذمہ داری، رواداری اور تنوع کے احترام کو تقویت دینا سماجی امن کا ضامن ہے۔ قومی ایکشن پلان کے تحت انسانی حقوق اور امن کی تعلیم کو شامل کرنا ہماری اس عزم کی عکاسی کرتا ہے کہ آنے والی نسلوں میں احترام، احساس ہمدردی اور پرامن بقائے باہمی کی ثقافت کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے متاثرین کا تحفظ اور اداروں کی جانب سے بروقت اور مؤثر ردعمل شہریوں کی ریاست پر اعتماد کا مظہر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی یوم امن پر میں تمام شہریوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ نفرت، عدم برداشت اور امتیازی سلوک جیسی منفی اقدار کے سدباب میں اپنا کردار ادا کریں اور دوسروں کے ساتھ ہمدردی، مکالمے اور احترام کو فروغ دیں۔ امن کی ثقافت کو مضبوط بنانا حکومتی اداروں، سول سوسائٹی، مذہبی رہنماؤں، اساتذہ، ذرائع ابلاغ، معاشرے اور خاندان سمیت سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان اور پوری دنیا کو پائیدار امن اور خوشحالی عطا فرمائے۔

بقیہ 13

مطالبے کے لیے نکلے گی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں کراچی کے نوجوانوں کے حقوق مارے جا رہے ہیں اور جعلی ڈومیسائل کے ذریعے شہری کوٹے پر بھی حق تلفی کی جا رہی ہے۔ مصطفیٰ کمال کا کہنا ہے کہ 18 سال میں سندھ کو 22 ہزار ارب روپے ملے، 22 ہزار ارب روپے اتنے ہوتے ہیں کہ 50 بار سندھ کو بلڈوز کر دیں اور پھر بنالیں، یہ رقم صوبے کی ترقی پر خرچ ہوتی تو سندھ کی صورت بدل سکتی تھی۔ ایم کیو ایم رہنما نے کہا کہ پورے صوبے میں 80 فیصد پینے کا صاف پانی نہیں، کراچی میں پینے کا صاف پانی نہیں، ٹینکر کہاں سے پانی لے کر آ رہے ہیں؟ افغانستان سے لا رہے ہیں؟ ہیروئن بیچنے والوں نے کاروبار بند کر کے ٹینکر کا کام شروع کر دیا ہے، ہیروئن کے کاروبار میں لوگ پکڑے جاتے تھے، ٹینکر کا کام کر کے سینیٹر بن جاتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جن کے ہاتھوں میں پانی فراہم کرنا ہے، وہی ٹینکر چلا رہے ہیں، اب بھی ہم بچوں کو کتوں کے کاٹنے سے نہیں بچا سکتے، ہم اب بھی بچوں کو گٹر میں گرنے سے نہیں بچا سکتے۔

بقیہ 14

جاری کرنے سے انکار کر دیا ہے عہدیدار کا کہنا ہے کہ امریکا کی جانب سے صدر کی میڈیا ٹیم کو ویزے جاری کرنے سے انکار کے بعد اب صدر کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے لیے نیویارک کا سفر میڈیا ٹیم کے بغیر کرنا پڑے گا صدر کے دفتر میں محکمہ تعلقات عامہ کے ڈائریکٹر جنرل حبیب اللہ عباسی نے اس فیصلے کو دشمنانہ اقدام قرار دیا ہے۔

بقیہ 15

کی حکمرانی اور کاروباری ماحول کو تقویت ملے گی، مالی معاونت سے توانائی اور ماحولیاتی استحکام کے اقدامات بھی آگے بڑھیں گے، گلوبل گیٹ وے پروگرام پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کی راہ ہموار کرے گا۔ منصوبے کے تحت ٹیکس نظام اور طویل مدتی مالیاتی منصوبہ بندی بہتر بنائی جائے گی، خیبر پختونخوا کے آف گرڈ دیہی علاقوں میں قابل تجدید توانائی کو فروغ ملے گا، خیبر پختونخوا کے توانائی شعبے میں نجی سرمایہ کاری اور شراکت بڑھائی جائے گی۔ معاہدے کے تحت خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں شہریوں کی انصاف تک رسائی بہتر بنائی جائے گی، پنجاب اور سندھ میں متبادل اور تجارتی تنازعات کے حل کا نظام مضبوط ہوگا، پروگرام سے یورپی اور دیگر غیر ملکی کمپنیوں کی سرمایہ کاری میں دلچسپی بڑھے گی۔ سیکرٹری اقتصادی امور محمد حمیر کریم نے کہا کہ پروگرام سے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری بڑھانے کے قومی ہدف سے ہم آہنگ ہیں، اقدامات سے دیہی علاقوں میں بجلی کی رسائی اور تجارتی تنازعات کا حل بہتر ہوگا۔ اس موقع پر سفیر یورپی یونین نے کہا کہ معاہدے پاکستان کی اقتصادی ترقی اور سرمایہ کاری میں معاونت کے عزم کا اظہار ہیں۔

بقیہ 16

کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے ضمانت کی درخواستوں پر پیر کو سماعت کی۔ سماعت کے دوران ایڈیشنل اٹارنی جنرل شفقت عباسی نے عدالت کو بتایا کہ ملزم فرخ جمال صدیقی پر مہاجرین سے رشوت لینے کا الزام ہے اور گرفتاری کے وقت اس سے 6 لاکھ روپے برآمد ہوئے تھے۔ ملزم کی نشاندہی پر اس کے گھر سے ایک کروڑ روپے نقد بھی برآمد ہوئے جبکہ اس کے قبضے سے ملنے والی گاڑیاں اور دیگر اشیا بھی اس کی آمدن سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ عدالت نے ڈائریکٹر امیگریشن پشاور کے ڈرائیور محمد حکیم کی بھی ضمانت منظور کر لی۔ ڈرائیور کے وکیل ارشد حسین یوسفزئی نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم کا جرم سے کوئی تعلق نہیں۔

بقیہ 17

شامل ہیں اور ان کے خلاف بلوچستان میں مختلف مقدمات زیر سماعت رہے ہیں۔ بلوچستان ہائیکورٹ کے عدالتی ریکارڈ میں بھی گل زادی بلوچ کا نام مقدمات میں موجود ہے۔ فیصلے سے متعلق مزید تفصیلات، مقدمے کی دفعات اور عدالت کی جانب سے سزا کی دیگر شرائط سامنے آنا باقی ہیں۔

بقیہ 18

میں اضافی نفری پہنچنا شروع ہوگئی جبکہ اہم شاہراہوں پر کنٹینرز بھی اسٹینڈ بائی رکھے گئے ہیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 22 ہزار سے زائد اہلکار تعینات کرنے کی تیاری کی گئی ہے۔ اسلام آباد کی سیکیورٹی کی نگرانی 8 ڈی آئی جیز، 10 ایس ایس پیز اور 40 ایس پیز کریں گے۔ اس کے علاوہ 58 ڈی ایس پیز اور 246 انسپکٹرز بھی سیکٹرز اور سب سیکٹرز میں تعینات پولیس فورس کی سپرویژن کریں گے۔ ذرائع کے مطابق جڑواں شہر راولپنڈی میں 13 ہزار سے زائد پولیس اہلکار تعینات کیے جا رہے ہیں، جبکہ خیبر پختونخوا کو پنجاب سے ملانے والے اہم ضلع اٹک میں 30 ہزار اہلکار تعینات کیے جا رہے ہیں۔ اسی طرح پنجاب کے مختلف اضلاع سے اضافی نفری اسلام آباد، اٹک اور راولپنڈی منتقل ہونا شروع ہوگئی ہے۔ ممکنہ آمدورفت روکنے کے لیے راولپنڈی میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ بھی جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی پولیس کو ساڑھے تین سو کنٹینرز تحویل میں لینے کا ٹارگٹ دیا گیا ہے، جبکہ جڑواں شہروں کی اہم شاہراہوں کے کناروں پر کنٹینرز اسٹینڈ بائی رکھے گئے ہیں۔ اسلام آباد میں اضافی نفری کی رہائش کے لیے 100 سے زائد عمارتوں کا سروے مکمل کر لیا گیا ہے۔ فورس کو اسپورٹس کمپلیکس، پاک چائنا فرینڈشپ سینٹر اور تعلیمی اداروں میں ٹھہرایا جائے گا۔ اضافی فورس کی رہائش کے لیے بھی پیٹرن راولپنڈی اور اٹک میں بھی استعمال کیا جائے گا، جبکہ اضافی فورس کی رہائش سے متعلق رپورٹ حکام کو پیش کر دی گئی ہے۔ ممکنہ لانگ مارچ کے پیش نظر راولپنڈی پولیس کے اہلکاروں کی چھٹیاں پہلے ہی منسوخ کر دی گئی تھیں۔

بقیہ 19

گیا ہے۔ درخواست گزار کا موقف ہے کہ ڈی سی لاہور نے غیر قانونی طور پر نظر بندی کے احکامات جاری کیے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ عدالت ڈی سی کے غیر قانونی نظر بندی کے احکامات کو کالعدم قرار دے۔ واضح رہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو لاہور سے حراست میں لے کر نظر بند کر دیا گیا، دونوں کو 30 روز کے لیے نظر بند کیا گیا ہے۔

بقیہ 20

دیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سینیٹر کا نام اسٹاپ لسٹ میں شامل نہیں تھا، اس کے باوجود انہیں آف لوڈ کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سینیٹر عبدالشکور خان عبیزئی کو روکنے کی وجوہات تاحال واضح نہیں ہوسکیں اور ایف آئی اے حکام کی جانب سے اس معاملے پر کوئی باضابطہ مؤقف سامنے نہیں آیا۔ سینیٹر عبدالشکور خان عبیزئی کی چین جانے والی پرواز بھی روانہ ہوگئی، جبکہ ذرائع کے مطابق وہ تاحال اسلام آباد ایئرپورٹ پر موجود ہیں اور انہیں ایئرپورٹ سے باہر جانے کی بھی اجازت نہیں دی جا رہی۔ اسٹاپ لسٹ میں نام شامل نہ ہونے کے باوجود سینیٹر کو بیرون ملک جانے سے روکے جانے کے معاملے نے سوالات اٹھادیے ہیں کہ انہیں کس قانون، حکم یا ہدایت کے تحت آف لوڈ کیا گیا۔ تاہم اس حوالے سے حتمی صورتحال اور ایف آئی اے کا مؤقف سامنے آنے کے بعد ہی معاملے کی مزید وضاحت ہو سکے گی۔

بقیہ 21

فورسز کی کامیاب کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بروقت کارروائیاں دہشتگرد عناصر کے خلاف مؤثر پیش قدمی ہیں۔ معاون برائے داخلہ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے دہشتگرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین بھی پیش کیا۔

بقیہ 22

میں معلوم ہوا ہے کہ غلام سرور نے فائرنگ کر کے بہاول کو قتل کیا جس کے بعد مسلح افراد نے غلام سرور سے اسلحہ چھین کر اسے بھی فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس نے لاشوں کو ضروری کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے کے محرکات اور دیگر پہلوؤں کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔

بقیہ 23

بچاؤ کے قطرے بھی پلائے۔ انسداد پولیو مہم 21 سے 27 ستمبر 2026 تک ملک بھر کے منتخب 115 اضلاع میں جاری رہے گی، جس کے دوران تقریباً 3 کروڑ 10 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ حکومت پاکستان وزیراعظم کی قیادت میں ملک سے پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے پرعزم ہے، پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے مؤثر اور مربوط قومی ردعمل کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر بچے تک پولیو ویکسین کی بروقت رسائی یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، جبکہ انسداد پولیو اور معمول کے حفاظتی ٹیکہ جات کے پروگرام کے درمیان مؤثر ہم آہنگی کو بھی مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے والدین، کمیونٹی رہنماؤں اور تمام اسٹیک ہولڈرز کا تعاون ناگزیر ہے۔ پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کی ویکسینیشن یقینی بنانا قومی ذمہ داری ہے، والدین اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ افتتاحی تقریب میں نیشنل کوآرڈینیٹر، شراکت دار اداروں کے نمائندگان اور پولیو پروگرام کی کور ٹیم کے ارکان بھی موجود تھے۔

بقیہ 24

علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ملزمان نے واردات کے دوران شہر کے مختلف مقامات پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں پر بھی فائرنگ کی تاکہ نگرانی کا نظام متاثر کیا جا سکے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مسلح افراد الائیڈ بینک میں داخل ہوئے اور مبینہ طور پر لوٹ مار کے بعد فرار ہوگئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ واقعے کے بعد مستونگ بازار میں سیکیورٹی مزید سخت کر دی گئی ہے جبکہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 25

کے لیے نیویارک پہنچ گئے۔ پیر کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق نیویارک پہنچنے پر اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد، امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ، قونصل جنرل نیویارک عامر احمد عتوزئی اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے مشن اور نیویارک میں قونصلیٹ کے افسران نے ان کا استقبال کیا۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کا آئندہ ہفتے کے دوران اعلیٰ سطحی ملاقاتوں اور مصروفیات پر مشتمل ایک مکمل پروگرام ہے، وہ وزارتی فورمز میں شرکت کریں گے اور پاکستان کے لیے اہمیت کے حامل کلیدی امور پر ملک کے بیانات اور مؤقف پیش کریں گے جن میں اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر دوطرفہ، علاقائی اور بین الاقوامی ترجیحات شامل ہیں۔ نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار وزیراعظم محمد شہباز شریف کے ہمراہ یو این جنرل اسمبلی کے اجلاس میں شرکت کے علاوہ اپنے ہم منصبوں کے ساتھ متعدد دوطرفہ ملاقاتیں اور مختلف اعلیٰ سطحی سرگرمیوں میں شرکت کریں گے۔

بقیہ 26

کشیدگی کے خاتمے اور امن کے فروغ کے لیے مصروف عمل ہے۔ خطے میں پائیدار امن کے لیے سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر اور فلسطین کا حل ضروری ہے، مساوی حقوق، انصاف اور رواداری اور پائیدار امن کے قیام کے لیے ناگزیر ہیں۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں عالمی امن کے لیے بھاری انسانی و معاشی قیمت ادا کی ہے، امن کے فروغ کے لیے پارلیمانوں کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پارلیمان مکالمے اور جمہوری اقدار کے فروغ کا مؤثر پلیٹ فارم ہے، پائیدار امن کے لیے بین الاقوامی تعاون، رواداری اور باہمی احترام کو فروغ دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ عالمی امن کے لیے اقوام کو اپنے اختلافات مذاکرات اور مکالمے کے ذریعے حل کرنا ہوں گے۔

بقیہ 27

اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 24 ستمبر 2026 (بروز جمعرات) بوقت صبح گیارہ تا ایک بجے سہ پہر کو نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا۔ درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔ نام بمعہ ولدیت 2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ/ ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا/ دستخط 5۔ رابطہ نمبر موبائل/ گھر/ ای میل۔ واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/ فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا۔ صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں اُن پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایت کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا۔ ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جا سکتی ہیں۔ 1۔ بذریعہ ڈاک/ بذات خود اندر نیب دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ 2۔ بذریعہ ای میل balochistan@nab.gov.pk 3۔ بذریعہ ڈاک / بذات خود اندر نیب کے دفتر شکایات واقع DC آفس انسکمب روڈ کوئٹہ 4۔ بذریعہ کھلی کچہری ڈائریکٹر جنرل سے بالمشافہ ملاقات کے ذریعہ (ہر ماہ کی آخری جمعرات) مزید معلومات کیلئے علاقائی دفتر شکایات نیب بلوچستان کے فون نمبرز: 9203614 -081، 081-9203468 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 28

کہا ہے کہ ہوٹلوں کے گاہکوں کی چیخ و پکار، زور زور سے ہنسنے اور رات گئے تک جاری رہنے والے شور شرابے نے رہائشی علاقے کا سکون مکمل طور پر برباد کر دیا ہے۔ مکینوں کے مطابق گھروں میں بیمار افراد، بزرگ اور دن بھر محنت مزدوری کر کے تھکے ہارے افراد موجود ہوتے ہیں، جنہیں رات کے وقت آرام اور سکون کی ضرورت ہوتی ہے، مگر ہوٹلوں کے گاہکوں کے شور اور ہنگامہ آرائی کے باعث مکینوں کے لیے گھروں میں بھی سکون سے رہنا مشکل ہو گیا ہے۔ رہائشیوں کا کہنا ہے کہ ہوٹلوں کا کچرا کالونی کے اندر پھینکنے جانے سے نالیاں بار بار بند ہو جاتی ہیں، جبکہ طویل عرصے سے مناسب صفائی نہ ہونے کے باعث گندگی اور بدترین تعفن پھیل رہا ہے۔ ہوٹلوں کے گاہکوں کی جانب سے گھروں کے قریب پیشاب کرنے سے شدید بدبو اور غلاظت پیدا ہو رہی ہے، جس سے ماحول آلودہ اور بیماریوں کے پھیلنے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ مکینوں نے مزید الزام عائد کیا ہے کہ ہوٹلوں کی وجہ سے مبینہ غیر قانونی قبضے اور زبردستی کا سلسلہ بھی جاری ہے، جس کے باعث ریلوے کالونی کے رہائشی خود کو شدید دباؤ اور بے بسی کی کیفیت میں محسوس کر رہے ہیں۔ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر ریلوے کالونی رہائشیوں کے لیے ہے تو پھر رہائشیوں کے بنیادی حق امن، سکون، صفائی اور محفوظ ماحول کو نظر انداز کیوں کیا جا رہا ہے؟ متعلقہ اداروں کی خاموشی سے مسائل میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ ریلوے فائر مین کالونی کے مکینوں نے حکومت بلوچستان، ڈی ایس ریلوے کوئٹہ، ڈی ای این ون اور ڈی ای این ٹو کوئٹہ سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری اور سنجیدہ نوٹس لیا جائے، ہوٹلوں کی سرگرمیوں اور مبینہ تجاوزات کی مکمل جانچ کی جائے، صفائی اور نکاسی آب کا مؤثر انتظام کیا جائے اور قانون کی خلاف ورزی ثابت ہونے پر بلاامتیاز سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ مکینوں نے واضح کیا کہ انہیں اپنے ہی گھروں میں سکون، عزت اور تحفظ کے ساتھ رہنے کا حق حاصل ہے اور اس بنیادی حق پر مزید

مجھوتہ قابل قبول نہیں۔

بقیہ 29

کی رپورٹ کے مطابق پاکستان نے ایران کے ساتھ کامیاب سفارتی مذاکرات اور بیک ڈور رابطوں کے ذریعے مائع قدرتی گیس یعنی ایل این جی کے کارگو کی بحفاظت منتقلی کے لیے عالمی تجارتی گزرگاہ آبنائے ہرمز سے محفوظ راستہ حاصل کر لیا۔ شپ ٹریکنگ ڈیٹا کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ ایل این جی کا یہ بڑا ٹینکر قطر کی مشہور راس لفان تنصیب سے جون کے آخری ایام میں روانہ ہوا تھا، جس نے ایران کے ساتھ ہونے والی سفارتی پیشرفت کے بعد گزشتہ اختتام ہفتہ پر انتہائی حساس اور اہم آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز کو کامیابی کے ساتھ عبور کر لیا، جہاز سے موصول ہونے والے جدید ترین سگنلز کے مطابق ایل این جی کا یہ کارگو منگل کے روز پاکستان کے پورٹ قاسم یا متعین امپورٹ ٹرمینل پر پہنچ کر لنگر انداز ہو جائے گا۔ باخبر ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا جا رہا ہے کہ اس اہم ترین کارگو کی خطے کی اہم آبی گزرگاہ سے بحفاظت منتقلی کے لیے دونوں ممالک کے اعلیٰ حکومتی و سفارتی حکام کے درمیان باقاعدہ گفتگو اور مذاکرات ہوئے تھے، اس بات چیت میں طے پانے والے نکات کے نتیجے میں ہی قطر سے ایل این جی کی رواں ماہ کی یہ دوسری کامیاب ترسیل ممکن ہو سکی ہے، یہ مذاکرات اور رابطے خفیہ اور غیر سرکاری سطح پر تھے تاکہ خطے کی جغرافیائی و سیاسی صورتحال کے اثرات سے محفوظ رہا جا سکے۔ خیال رہے کہ پاکستان طویل عرصے سے توانائی کے شدید شارٹ فال، ایل این جی کی درآمدی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ اور ملکی سطح پر صنعتی و گھریلو گیس کی فراہمی میں بدترین تعطل کا سامنا کر رہا ہے، ایسے سنگین معاشی و توانائی بحران کے دوران پاک ایران سفارتی رابطوں کے نتیجے میں قطر سے آنے والے ایل این جی کارگو کا محفوظ راستہ حاصل کرنا ملک میں بجلی اور گیس کی پیداوار کو سہارا دینے کے لیے ایک بڑی اور وقتی راحت قرار دیا جا رہا ہے، اس کارگو کی وقت پر آمد سے پاکستان میں ایندھن کے بڑھتے ہوئے بحران اور پاور سیکٹر کو درپیش گیس کی شدید کمی پر قابو پانے میں نمایاں مدد ملے گی۔

بقیہ 30

دوران سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی اور مبینہ گراں فروشی پر 8 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا۔ انتظامیہ نے واضح کیا کہ شہریوں کو مقررہ سرکاری نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے پرائس کنٹرول کارروائیاں جاری رہیں گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 31

کشمیر اور فلسطین کے مسائل کو اجاگر کریں گے۔ نیویارک میں وزیراعظم کے دورے کے حوالے سے میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف 25 ستمبر کو جنرل اسمبلی سے خطاب کریں گے، جس میں وہ علاقائی اور عالمی سلامتی کی صورت حال پر پاکستان کا مؤقف پیش کریں گے اور تنازعات کے پرامن حل، مکالمے، سفارت کاری اور تحمل کی ضرورت پر زور دیں گے۔ عاصم افتخار احمد نے کہا کہ وزیراعظم اپنے خطاب میں پائیدار ترقی، موسمیاتی تبدیلی، انسداد دہشت گردی، اسلاموفوبیا، عالمی اقتصادی چیلنجز، اقوام متحدہ میں اصلاحات اور پائیدار ترقی کے اہداف سمیت اہم عالمی معاملات پر پاکستان کی ترجیحات بھی اجاگر کریں گے۔ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا کہنا تھا کہ پاکستان فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر سمیت طویل قبضے اور حق خودارادیت سے متعلق مسائل پر بھی عالمی برادری کی توجہ مبذول کرائے گا اور متعلقہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ان کے حل پر زور دے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ وزیراعظم جنرل اسمبلی کے موقع پر عالمی رہنماؤں اور اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل سے دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے، نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی بھی متعدد دوطرفہ اور کثیرالجہتی ملاقاتیں ہوں گی۔ عاصم افتخار احمد کا کہنا تھا کہ وزیر خارجہ 23 ستمبر کو مصنوعی ذہانت اور سلامتی سے متعلق سلامتی کونسل کے اعلیٰ سطح کے اجلاس میں بھی شرکت کریں گے، پاکستان اقوام متحدہ کے اعلیٰ سطح کے ہفتے کو علاقائی امن و استحکام، کثیرالجہتی نظام کے فروغ اور عالمی تنازعات کے حل کے لیے سفارت کاری اور بین الاقوامی تعاون کی اہمیت اجاگر کرنے کے لیے استعمال کرے گا۔

بقیہ 32

ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز کی کاوشیں قابل تحسین ہیں، حکومت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔

بقیہ 33

، 20 دن کیلئے بند ہو جائے، ایسا کچھ نہیں ہوگا، ان سے نمٹنے کیلئے اس بار مستقل حل نکالیں گے۔ بار بار یہ چیزیں نہیں ہو سکتیں، اس بار حکومت انتشار کو برداشت نہیں کرے گی۔ وزیر داخلہ کا کہنا تھا کہ سومنات والی بڑھکوں سے کوئی فرق نہیں پڑتا، لانگ مارچ کیلئے آتے ہیں تو اس مرتبہ کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ اور کوئی لوپ ہولز نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بانی پی ٹی آئی کے چیک اپ کے حوالے سے ان لوگوں کو بتانا ضروری نہیں ہے، پی ٹی آئی کے لوگوں کو خود بھی پتہ نہیں ان کے مطالبات کیا ہیں؟ اگر ان کا مطالبہ بانی پی ٹی آئی کا چیک اپ ہے تو وہ کل رات بھی ہوا۔ علاج کے حوالے سے قانون کے مطابق ہر سہولت فراہم کی جائے گی، ان لوگوں کے کہنے پر نہیں چلیں گے۔ وزیر داخلہ نے کہا اسلام آباد میں موجود ان کی قیادت سے کئی مرتبہ کہا ہے کہ آپ کوئی بھی چیز اس طرح کے ڈراموں سے حاصل نہیں کر سکتے۔ اب بھی کہتا ہوں کہ ان کے پاس ابھی بھی وقت ہے اس بند گلی میں نہ جائیں جہاں سے واپسی کا راستہ نہ ہو۔ محسن نقوی نے کہا کہ پچھلے دس دن سے خیبر پختونخوا کے حالات آپ کے سامنے ہیں، ایک مسجد پر خودکش حملہ ہوا۔ اس کے علاوہ کئی حملوں میں ہمارے جوان شہید ہوئے ہیں۔ افغانستان جب تک مسلح جتھوں کو نہیں روکے گا، اس کیساتھ ہمارے حالات معمول کے مطابق نہیں آئیں گے۔ تیل کی صورتحال کے حوالے سے وزیر داخلہ نے کہا کہ عالمی منڈی کی صورتحال کی وجہ سے ملک میں قیمتوں کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے، گزشتہ روز بھی ہم نے بڑی مشکل سے اپنی شپ نکلوائی ہے، پٹرول کی قیمتیں کم کرنے کیلئے کوشش کر رہے ہیں۔ نئے صوبوں سے متعلق بات کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ نئے صوبوں کا معاملہ تیزی سے آگے بڑھ رہا ہے، میرے خیال سے صوبوں کی تحریک بہت تیزی سے چل رہی ہے، بزنس کمیونٹی، کسان سمیت ہر طبقہ تحریک میں شامل ہو رہا ہے ہمیں بہت پرامید ہوں، اللہ تعالیٰ نے چاہا اور عوام کی مرضی ہوئی تو صوبے ضرور بنیں گے۔

بقیہ 34

گزار کے وکیل ابوزر سلیمان خان نیازی نے بتایا کہ اے ٹی سی جج نے فیملی اور وکلاء سے ملاقات کی درخواست خارج کرتے ہوئے درخواست گزار کو پولیس سے رجوع کرنے کی ہدایت کی تھی۔ وکیل درخواست گزار نے عدالت کو بتایا کہ پولیس انہیں تھانے کے اندر داخل نہیں ہونے دیتی۔ حماد اظہر کا 20 روزہ کا ریمانڈ دیا گیا ہے جسے چیلنج کرنا ہے، تاہم ملاقات نہ ہونے کے باعث وکالت نامے پر دستخط نہیں ہو رہے اور ان کا آئینی حق مجروح ہو رہا ہے۔ عدالت نے استفسار کیا کہ وکالت نامے پر دستخط کے لیے سپرنٹنڈنٹ جیل کو درخواست دی گئی؟ وکیل ابوزر سلیمان نیازی نے بتایا کہ ملزم جیل میں نہیں بلکہ پولیس کی کسٹڈی میں ہے۔ جسٹس شہباز رضوی نے سرکاری وکیل سے مؤقف دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ ملزم ایک سیاسی شخصیت ہے، روزانہ 50 لوگ ملتے ہیں اور جن 5 کو اجازت نہیں ملتی وہ متاثرہ بن جاتے ہیں۔ سرکاری وکیل کے مطابق ارسلان نامی شخص کتابیں بھی دے کر آیا ہے۔ سرکاری وکیل نے کہا کہ ریمانڈ چیلنج کرنے کے لیے وکالت نامے کے ساتھ بائیومیٹرک کی بھی ضرورت ہے، جبکہ پولیس کسٹڈی میں موجود ملزمان کو بائیومیٹرک کی سہولت میسر نہیں۔ جسٹس شہباز رضوی نے استفسار کیا کہ کیا آپ یہ کہہ رہے ہیں کہ ریمانڈ چیلنج نہیں ہو سکتا؟ سرکاری وکیل نے جواب دیا کہ ان کا یہ مطلب نہیں، درخواست گزار پولیس کو درخواست دے۔ عدالت نے سرکاری وکیل سے کہا کہ آپ نے خود بیان دیا ہے کہ بائیومیٹرک نہیں ہو سکتی، اس لحاظ سے تو درخواست گزار کی درخواست درست لگ رہی ہے۔ اس دوران وکیل ابوزر سلیمان خان نیازی نے مزید کچھ کہنا چاہا تو عدالت نے انہیں صبر رکھنے اور خاموش رہنے کی ہدایت کی۔ بعد ازاں عدالت نے حماد اظہر کی فیملی اور وکلاء سے ملاقات کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔

بقیہ 35

قوم کے جذبے کو کم نہیں کر سکتے، دہشت گردی کے جڑ سے خاتمے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کوہاٹ واقعہ کے وقت وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کہاں تھے؟ وزیراعلیٰ سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کے لیے لاہور کی سڑکوں پر موجود تھے، ان کے پاس انتشار کی سیاست کا وقت ہے، اپنے صوبے کے عوام کے لیے وقت نہیں، سہیل آفریدی نے 15 منٹ ہیلی کاپٹر پر چکر لگایا اور چلے گئے، تعلیم، صحت اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے آپ نے کیا کیا ہے؟ وزیر اطلاعات نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت صرف سوشل میڈیا پر پوسٹیں لگانا جانتی ہے، صوبے میں پولیس کی سہولت کے لیے فرانزک لیب تک موجود نہیں، من پسند لوگوں کو ٹھیکے دے کر پیسے وصول کیے جاتے ہیں، صوبے میں کرپشن کے نئے ریکارڈ قائم کیے جا رہے ہیں، اسلام آباد کو بند کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جائے گی، مسلح جتھوں کو اسلام آباد کی طرف آنے نہیں دیا جائے گا، پی ٹی آئی والے بھی پرامن نہیں رہے، پرامن احتجاج ان لوگوں کی روایت نہیں ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پرامن لوگ گھروں سے کیل لگے ڈنڈے لے کر نہیں نکلتے، پی ٹی آئی والوں سے حساب لیا جائے گا، فنڈز کے بہانوں کے پیچھے انہیں چھپنے نہیں دیں گے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ کوہاٹ میں ٹنل اور موٹروے جیسے منصوبے محمد نواز شریف نے بنائے، خیبر پختونخوا میں جنگلات کاٹے جا رہے ہیں، جعلی سگریٹس کی فیکٹریاں پکڑی گئی ہیں، خیبر پختونخوا میں گولڈ مائننگ کے ٹھیکے کن لوگوں کو دیے گئے؟ صوبے کا ترقیاتی فنڈ کہاں خرچ ہو رہا ہے، کسی کو معلوم نہیں۔

بقیہ 36

بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران گزشتہ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور ان پر ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کمپنیوں، ہوٹلز، ہسپتالوں اور دیگر مختلف شعبوں کے آڈٹ کے عمل کو مزید تیز، مؤثر اور شفاف بنایا جائے گا، تاکہ ٹیکس نظام میں شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے صوبائی ریونیو میں اضافہ کیا جا سکے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ گوادر میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا دفتر فعال کر دیا ہے، جس سے گوادر اور گردونواح میں ٹیکس سے متعلق امور کی نگرانی اور ٹیکس دہندگان کو خدمات کی فراہمی میں مزید بہتری آئے گی۔ اس کیعلاوہ جیولرز، بیکریوں، پراپرٹی ڈیلرز، کار شورومز، پانی فراہم کرنے والی کمپنیوں اور دیگر متعلقہ کاروباری شعبوں کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرے؟ کار میں لانے کا فیصلہ بھی کیا گیا۔ یوٹیوبرز اور آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد و اداروں کو بھی قانونی تقاضوں کے مطابق بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ٹیکس دائرے؟ کار میں شامل کرنے کے لیے اقدامات تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا، ٹیکس وصولی کے نظام کو شفاف بنانا اور کاروباری سرگرمیوں کو دستاویزی شکل دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ٹیکس قوانین پر مؤثر عملدرآمد کے ساتھ ساتھ ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی بھی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جدید کاروباری رجحانات اور آن لائن معیشت کو بھی ٹیکس نظام کا حصہ بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، جبکہ تمام اقدامات قانون اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق ہونی چاہئیں اجلاس میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی کارکردگی مزید بہتر بنانے اور صوبائی آمدن میں اضافے کے لیے مختلف تجاویز پر بھی غور کیا گیا۔

بقیہ 37

کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ بند اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیاں فی الحال معطل رہیں گی، آن لائن تعلیم یا متبادل ذرائع سے متعلق وفاقی نظامت تعلیم کی کوئی پالیسی نہیں بنائی گئی۔ واضح رہے کہ جماعت اسلامی اور تحریک انصاف نے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کا اعلان کر رکھا ہے جس کے باعث دارالحکومت کی مختلف شاہراہوں پر کنٹینر رکھ دیے گئے ہیں۔

بقیہ 38

چارٹر کو برقرار رکھتے ہوئے بین الاقوامی قانون کا احترام اور تنازعات کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے پرامن ذرائع سے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ اقوام متحدہ کے امن مشنوں میں فوجی دستے فراہم کرنے والے ایک طویل عرصے سے سرگرم اور صف اول کے ملک کے طور پر بین الاقوامی امن و سلامتی کے قیام کے لیے پاکستان کا پائیدار عزم مسلمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تنازعات کی روک تھام اور ان کے حل کے لیے مکالمے اور سفارت کاری کے ذریعے ایک جامع نقطہ نظر کی حمایت جاری رکھے ہوئے ہے، تنازعات کے پرامن تصفیے کے حق میں ہماری سفارتی کاوشیں جن میں ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی بھی شامل ہے، اسی عزم کی عکاسی کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال کونسل کی صدارت کے دوران پاکستان کی جانب سے پیش کردہ

بقیہ 1

اظہار کرتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے مؤثر اور منظم جدوجہد کا اعلان کیا ہے۔ اس بات کا فیصلہ پیر کو زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کا اجلاس چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی کی زیرِ صدارت مرکزی دفتر کوئٹہ میں منعقدہ اجلاس میں کیا گیا جس میں جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمٰن بازئی، حاجی نور احمد بلوچ، سید عبدالقہار آغا، حاجی شیر علی مشوانی، حاجی عزیز سرپرہ، کاظم خان اچکزئی، سید صدیق اللہ آغا، عبداللہ جان میرزئی، عبدالغفار کاکڑ، معراج خان مندوخیل، خالق داد ملکیار، ملک اسد اللہ بنگلزئی، ارباب محمد عمر، فضل الرحمٰن بلوچ، چیئرمین اسماعیل بلوچ، میر احمد بنگلزئی، محبت خان لونی، عبدالولی، نثار احمد، حاجی عصمت اللہ موسیٰ خیل سمیت مختلف اضلاع کے ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں حکومت کو پیش کیے گئے 6 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ اور اس پر حکومتی عدم پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے غیر ملکی زرعی اجناس کی اسمگلنگ، نت نئے ٹیکسز کے نام پر مبینہ طور پر غیر قانونی وصولیوں، یوریا کھاد کی ترسیل پر پابندی اور زمینداروں کو درپیش دیگر مسائل پر تشویش کا اظہار کیا۔ شرکا نے مستونگ میں انتظامی افسران کی جانب سے گاڑیاں روک کر مختلف ناموں سے مبینہ وصولیوں پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ صوبائی حکومت کس قانون کے تحت یکمشت رقم ٹیکس کے نام پر وصول کر رہی ہے۔

بقیہ 2

کمشنر سریاب اور اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ نے خود فیلڈ میں موجود ہو کر بکرا منڈی اور بلوچ کالونی کے مقام پر آپریشن کی نگرانی کی۔ اس موقع پر ریڈرٹو اے سی میر محمود رند اور سریاب صفا زون ٹیم کے منیجر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ آپریشن کے دوران مین شاہراہ پر کھڑے گندے پانی کی فوری نکاسی کو یقینی بنایا گیا، جبکہ روڈ کے کناروں پر پھیلا ہوا کوڑا کرکٹ ہٹا کر سڑک کو آمدورفت اور شہریوں کے لیے مکمل طور پر صاف کر دیا گیا۔ انتظار نو کے تحت چلائی جانے والی اس خصوصی مہم کا بنیادی مقصد شہریوں کو صاف ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مین شاہراہ پر ٹریفک کی روانی کو بلاتعطل جاری رکھنا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ شہر میں گندگی پھیلانے اور تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 3

مقیم افغانی اس لشکر کا حصہ ہوں گے؟ وفاق پوری قوت سے اس کا دفاع کرے گا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور اس کے حواری اقتدار کے حصول کے لئے کس حد تک جاسکتے ہیں ہم نے 9 مئی کو دیکھا، 26 نومبر کو دیکھا، اب یہ شخص جو اپنے عزائم بتا رہا ہے، پاکستان کے عوام ان کی اصلیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ کل بھی امن، ترقی اور پاکستان کے دشمن تھے آج بھی ہیں اور کل بھی ہوں گے، لاکھ اختلافات ہوں کوئی پاکستانی یہ زبان نہیں بول سکتا، یہ پاکستان دشمن زبان ہے کسی کو کوئی ابہام رہ گیا؟ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اسلام آباد کو سومنات بنانے والا محمود غزنوی 24 گھنٹے نہیں گزرے، دوڑ لگا گیا ہے کہ میرا یہ مطلب نہیں تھا، بانی پی ٹی آئی کو چاہنے والے بھی اپنے جیسے ملے ہیں، اس نے بھی سیاسی زندگی میں جتنے پینترے بدلے ہیں اس کو خود بھی یاد نہیں ہوں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ سارے ایک جیسے ہیں، ایک دوسرے کی فوٹو کاپی ہیں۔

بقیہ 4

حاجی عبدالنافع کاکوزئی، حاجی فضل اللہ خان عدوزئی، حاجی بالاوان غبیزئی اور حاجی اللہ محمد صالح زئی سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے میں امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور اتفاق و اتحاد کے فروغ کے لیے اجتماعی طور پر اپنا کردار ادا کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس نیک کوشش کو کامیاب فرمائے اور علاقے میں دائمی امن، بھائی چارہ، اتفاق و اتحاد اور خوشحالی قائم فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 5

نبیل اعوان فون سننے کیلئے کمرہ عدالت سے باہر چلے گئے۔ اس دوران سماعت کا آغاز ہوا تو چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کی عدم پیشی پر استفسار کیا کہ کدھر ہیں وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ؟ کب بادشاہ سلامت تشریف لا رہے ہیں؟ کیس کو کیوں انتظار میں رکھا جائے؟ سینئر افسران نے عدالت کو بتایا کہ وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ فون سننے کیلئے عدالت سے باہر گئے ہیں جس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کا فیصلہ کیا، تاہم ڈپٹی اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ عدالت آ رہے ہیں، شوکاز نوٹس جاری نہ کیا جائے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ آپ عدالتی کارروائی میں مداخلت نہ کریں، چیف جسٹس نے وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ سے 23 ستمبر تک وضاحت طلب کر لی۔ یاد رہے کہ ڈی آئی جی احمد ناصر عمر ورک نے اگلے گریڈ میں ترقی کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر رکھا ہے۔

بقیہ 6

اور کی ہے جبکہ حکمرانوں کی پالیسیز کی وجہ سے قوم تشویش میں مبتلا ہیں، ملک میں قرضوں کا دباؤ اور مہنگائی بڑھ گئی ہے جبکہ مہنگائی کے حوالے سے عوام کے دکھوں کا مداوا نہیں کیا جا رہا کیونکہ حکمران اندھے ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا ہے جس کے بعد اسلام آباد کو کنٹینرز سے بھر دیا گیا ہے، ایسے رویوں سے ملک کے لیے باغی تو آپ خود بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں میگا پراجیکٹ معطل ہیں جبکہ لوگ اپنا سرمایہ اب بیرون ملک منتقل کر رہے ہیں، چین کا اعتماد آپ کھو چکے ہیں جبکہ ریاستی قوت دفاعی پوزیشن میں آ گئی ہے اور گھر میں آگ لگی ہوئی ہے۔

بقیہ 7

خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ پنجگور میں آپریشن ردالفتنہ کے تحت سکیورٹی فورسز نے کارروائیاں کیں، جس میں 4 دہشتگرد ہلاک کیے گئے، امن و استحکام کے قیام کیلئے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 8

انہوں نے کہا کہ اجلاس کے لیے دعوت نامے تیار کیے جا چکے ہیں جو متعلقہ یونٹوں کے ذریعے اراکینِ عمومی تک بروقت پہنچائے جائیں گے۔ اجلاس میں شرکت کے لیے دو ہزار سے زائد اراکینِ عمومی کو دعوت نامے جاری کیے جا چکے ہیں انہوں نے تمام اراکینِ عمومی پر زور دیا کہ وہ اپنے متعلقہ یونٹ کے ذمہ داران سے رابطے میں رہتے ہوئے دعوت نامہ بروقت وصول کریں اجلاس کے مقررہ وقت اور مقام پر اپنی شرکت یقینی بنائیں اور جماعتی نظم و ضبط کی پاسداری کرتے ہوئے اجلاس کو منظم اور کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ اراکینِ عمومی کی شرکت محض ایک رسمی حاضری نہیں بلکہ جماعتی مشاورت، تنظیمی استحکام اور آئندہ کے لائحہ عمل کی تشکیل میں ان کی دستوری و جماعتی ذمہ داری کا تقاضا ہے۔ انہوں نے یونٹ امرا و نظما عمومی کو بھی ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے یونٹ کے اراکینِ عمومی تک دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اجلاس کی اطلاع اور اراکین کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے ہر رکن سے رابطہ کریں۔

بقیہ 9

رکھی تھیں۔ ملزم سے ابھی تک بہت سے نوجوانوں کی ڈگریاں برآمد کرنا باقی ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ملزم کے خلاف 600 متاثرین کی براہ راست شکایات بھی موجود ہیں، جبکہ ملزم کے اکاؤنٹ سے 12 کروڑ روپے برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ یہ 41 کروڑ روپے سے زائد کا فراڈ ہے۔ متاثرین کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم آج بھی جیل میں وہی کام کر رہا ہے اور اڈیالہ جیل میں بیٹھ کر اپنا مکمل نیٹ ورک چلا رہا ہے۔ متاثرین کے وکیل کے مطابق ملزم سے موبائل فون برآمد ہونے پر اڈیالہ جیل کے 8 ملازمین کو معطل کیا گیا ہے۔ دوسری جانب ملزم کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ محمد جہانزیب کے خلاف براہ راست کوئی ثبوت موجود نہیں اور ملزم کا ان تمام معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم اپنے ایجنٹس کے ذریعے رقم وصول کرتا تھا۔ سپریم کورٹ نے دلائل سننے کے بعد ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کر لی۔

بقیہ 10

گرفتاریوں سمیت قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ذمہ داروں کے خلاف زیرو ٹالرنس کے تحت سخت کارروائی کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب صوبائی وزیر شکیل خان نے ڈپٹی کمشنر اور دیگر اعلیٰ حکام کو خط میں کہا ہے کہ بٹ خیلہ میں گھر جاتے ہوئے میری گاڑی پر کار سوار نامعلوم افراد نے فائرنگ کی۔ شکیل خان کا کہنا ہے کہ میرے گارڈز نے نامعلوم افراد کی گاڑی کے ٹائروں پر فائرنگ کی، اس دوران میرے ڈرائیور نیگاڑی بھگا کر محفوظ جگہ پہنچا دی۔ شکیل خان کا موقف ہے کہ نامعلوم افراد ہمیں اغوا اور قتل کرنا چاہتے تھے۔

بقیہ 11

3 ہزار سے زائد افراد کی ڈگریاں بھی نوکریوں کے لیے لے رکھی تھیں۔ ملزم سے ابھی تک بہت سے نوجوانوں کی ڈگریاں برآمد کرنا باقی ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ملزم کے خلاف 600 متاثرین کی براہ راست شکایات بھی موجود ہیں، جبکہ ملزم کے اکاؤنٹ سے 12 کروڑ روپے برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ یہ 41 کروڑ روپے سے زائد کا فراڈ ہے۔ متاثرین کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ملزم آج بھی جیل میں وہی کام کر رہا ہے اور اڈیالہ جیل میں بیٹھ کر اپنا مکمل نیٹ ورک چلا رہا ہے۔ متاثرین کے وکیل کے مطابق ملزم سے موبائل فون برآمد ہونے پر اڈیالہ جیل کے 8 ملازمین کو معطل کیا گیا ہے۔ دوسری جانب ملزم کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ محمد جہانزیب کے خلاف براہ راست کوئی ثبوت موجود نہیں اور ملزم کا ان تمام معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مقوف اختیار کیا کہ ملزم اپنے ایجنٹس کے ذریعے رقم وصول کرتا تھا۔ سپریم کورٹ نے دلائل سننے کے بعد ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کر لی۔

بقیہ 12

کر دی ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز کے مطابق اس واقعے کے تمام پہلوؤں کی باریک بینی سے تحقیقات کی جا رہی ہیں اور حقائق کو منظرِ عام پر لانے کے لیے تمام متعلقہ شواہد کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ابتدائی طور پر سامنے آنے والی معلومات کے مطابق یہ واقعہ دو افراد کے درمیان ون ویلنگ (One Wheeling) کے دوران آپس میں ٹکرانے کے باعث پیش آیا جس سے چوٹیں آئیں، جبکہ ایگل اسکواڈ کا دستہ بعد میں موقع پر پہنچا تھا۔ تاہم واقعے کی اصل اور مکمل حقیقت تفصیلی محکمانہ انکوائری کے بعد ہی واضح ہو سکے گی۔ ایس ایس پی آپریشنز ضیاء الحق مندوخیل نے دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ اگر تحقیقات میں کسی بھی پولیس اہلکار کی جانب سے تشدد یا اپنے اختیارات سے تجاوز کرنے کا عمل ثابت ہو گیا تو اس کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ محکمہ پولیس میں اہلکاروں کی جانب سے اختیارات کے ناجائز استعمال کے خلاف 'زیرو ٹالرنس' پالیسی پر سختی سے عملدرآمد کیا جا رہا ہے، اور کسی بھی اہلکار کو شہریوں سے بدسلوکی یا اختیارات سے تجاوز کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ انکوائری رپورٹ میں حقائق سامنے آنے کے بعد قانون اور ضابطے کے مطابق بلاتعطل کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 13

تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق اور کم آمدن والے خاندانوں کو سماجی تحفظ فراہم کرنے کے لئے اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ پروگرام میں شفافیت، سہولت اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مستحق خواتین تک امداد کی رسائی کو مزید آسان بنایا جا رہا ہے۔ ملاقات میں محنت کش طبقے اور کم آمدن افراد کے لئے سماجی تحفظ کے اقدامات کو مزید مؤثر بنانے اور عوامی فلاح کے لئے باہمی رابطہ و تعاون جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ سابق وفاقی وزیر ساجد حسین طوری اور پیپلز پارٹی لیبر ونگ خیبر پختونخوا کے صدر شاہ ذوالقرنین نے بی آئی ایس پی کے اقدامات کو سراہتے ہوئے مستحق خاندانوں تک سہولیات کی فراہمی کی کاوشوں کی تعریف کی۔

بقیہ 14

معالجہ کئے واپس لوٹنے پر مجبور ہیں انہوں نے مزید بتایا کہ جب یہ ڈسپنسری قائم ہوئی تھی اس وقت علاقے کی آبادی تقریباً 2000 تھی جبکہ اب تین شہروں پر مشتمل اس علاقے کی آبادی بڑھ کر 25000 زیادہ سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ ہزاروں پر مشتمل کی آبادی والے گاؤں کے لوگ آج بھی 19 ویں صدی کی صحت کی سہولیات سے محروم ہیں لوگ اکیسویں صدی کے دور میں ہونے کے باوجود صحت کی سہولیات میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا انہوں نے کہا کہ موجودہ عملہ بھی اپنی مرضی سے ڈیوٹی نبھا رہا ہے دو گھنٹے بیٹھ کر حاضری لگا کر غائب ہو جاتے ہیں اس حوالے سے ضلعی ناظم صحت کو کئی بار شکایت درج کروا چکے ہیں لیکن ناظم صحت کی عدم توجہی اپنا رکھی ہے عرفان بوہڑ نے حکومت بلوچستان اور صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ سیکریٹری صحت ڈی جی صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ آبادی کے تناسب اور عوامی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے سول ڈسپنسری کو فوری طور پر بیسک ہیلتھ یونٹ بی ایچ یو صحت کا درجہ دیا جائے اور ادویات و طبی عملے کی کمی کو دور کیا جائے۔

بقیہ 15

اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں امن کے لیے بھاری انسانی اور معاشی قیمت ادا کی ہے۔ پیچیدہ عالمی تنازعات کے حل کے لیے بین الاقوامی تعاون، باہمی اعتماد اور تعمیری مکالمہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختلاف رائے کو تصادم کے بجائے مکالمے اور دلیل کے ذریعے حل کرنا مہذب معاشروں کی پہچان ہے۔ پاکستان عالمی امن، بین الاقوامی قانون اور کثیرالجہتی تعاون کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ امن، برداشت اور باہمی احترام کے فروغ میں معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ عالمی یوم امن ہمیں امن کے لیے عملی اقدامات اور تعاون کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے۔

بقیہ 16

پر اپنے پاکستانی ہم منصب محسن نقوی کا استقبال کیا۔ ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی ایرانی قیادت سے ملاقاتوں کے دوران خطے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کریں گے جبکہ ملاقاتوں میں باہمی دلچسپی کے امور اور علاقائی معاملات بھی زیر بحث آنے کا امکان ہے۔ واضح رہے کہ محسن نقوی اس سے قبل بھی ایران کے متعدد دورے کر چکے ہیں۔

بقیہ 17

ذرائع کے مطابق فورسز نے بلوچستان کے علاقے دشت میرانی میں انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے خواتین اور بچوں سمیت 58 غیرقانونی مقیم افغان باشندوں کو حراست میں لے لیا۔ سکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ گرفتار افغان باشندے پاکستان کے راستے ایران اور یورپ جانے کی کوشش کر رہے تھے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق حراست میں لیے گئے تمام افراد کو قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ پولیس حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 18

ورد کرتے ہوئے کھلی جگہوں پر جمع ہو گئے۔

بقیہ 19

خٹک سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس کے بعد وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے پریس کانفرنس اور کہا کہ 27 ستمبر کے حوالے سے مشاورت کی گئی ہے، 26 نومبر 2024ء کو تحریک انصاف پر ظلم جبر ہوا، ڈی چوک میں ہم پر گولیاں چلائی گئیں، ریاست پر قابض ٹولہ شہادت کا ذمہ دار ہے، اس ظلم کے باوجود ہم جھکے نہیں، ریاست کے ظلم و جبر کے باوجود پی ٹی آئی ملک کی بڑی جماعت ہے، دو سال میں ہم نے خیبر پختونخوا سے باہر کوئی بڑا جلسہ نہیں کیا، ہم نے صوبائی اور قومی اسمبلی کا استعمال کیا آواز اٹھائی کوئی جواب نہیں آیا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہم نے جعلی وزیراعظم سے بات کی انہوں نے کہا پوچھ کر بتاؤں گا جب کہ اڈیالہ جیل کا سپرنٹنڈنٹ عدالتی فیصلہ ردی کی ٹوکری میں پھینک دیتا ہے، تین ججوں کا فیصلہ ہے عمران خان کو اسپتال منتقل کیا جائے، 9 ماہ ہوئے وزیراعلیٰ بنے، میں نے کون سا احتجاج کیا، ہماری بات نہیں سنی جاتی جس پر احتجاج کرنا ہمارا حق ہے، ہم عوامی لوگ ہیں جمہوری راستے اپناتے ہیں اور جو چور دروازے سے آتے ہیں وہ ظلم و جبر کرتے ہیں، جب یہ پکڑ میں آتے ہیں تو عورت کارڈ بھی کھیلتے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ فیصلہ ہوا ہے 27 ستمبر کو پوری طاقت کے ساتھ پُرامن طریقے سے نکلیں گے، ہمارے وزراء کو حراست میں لینے سے تحریک نہیں رکے گی، ہمارا پلان 25 ستمبر کو سامنے آئے گا، ہم ٹی ٹونٹی نہیں ٹیسٹ میچ کھیل رہے، ہم پرامن جائیں گے جو انتشار پھیلائے گا وہ ہم میں سے نہیں ہوگا۔

بقیہ 20

حلقہ انتخاب کی تعمیر و ترقی اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ اس موقع پر فوکل پرسن محمد بجل سومرو قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیار زئی بلوچ بھی موجود تھے صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں معیار اور شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا، جبکہ عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید ترقیاتی اسکیمیں بھی شروع کی جائیں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقے کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے متعلقہ محکموں کو ہدایات جاری کی گئی ہیں اور دستیاب وسائل کو عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بروئے کار لایا جا رہا ہے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ گنداخہ اور گرد و نواح کے علاقوں میں سڑکوں، آبنوشی، صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کیلئے عملی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ عوامی نمائندگی کا اصل مقصد عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے اور اس سلسلے میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ قبائلی عمائدین اور عوامی حلقوں کی تجاویز کو اہمیت دی جائے گی اور علاقے کی اجتماعی ترقی کیلئے سب کو ساتھ لے کر چلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ مضبوط اور اٹوٹ ہے، حلقہ انتخاب کی ترقی و خوشحالی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں کروڑوں روپے کی خطیر رقم سے ترقیاتی اسکیمات جاری ہیں جس سے عوام مستفید ہوں گے اور حلقہ انتخاب جلد ترقی کی منزلیں طے کرے گی انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے پیپلز پارٹی نے ملکی معشیت اور جمہوریت کی بحالی کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں پیپلز پارٹی شہدا کی پارٹی ہے شہید ذوالفقار علی بھٹو شہید رانی محترمہ بے نظیر بھٹو کی مشن کو پایا تکمیل تک پہنچا کر دم لیں گے۔

بقیہ 21

زیادہ بجلی استعمال پر اضافی ریٹ اسی ماہ لینے کی تجویز ہے، موجودہ فارمولے کے تحت پروٹیکٹڈ صارف کو 6 ماہ تک اضافی ادائیگی کرنا پڑتی ہے۔ صرف ایک بار 200 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال پر پروٹیکٹڈ کیٹگری ختم کر دی جاتی ہے، پروٹیکٹڈ صارف کو بھی اگلے 5 ماہ تک کم یونٹس کے باوجود اضافی نرخ ادا کرنے پڑتے ہیں۔ دوسری جانب بٹ کوائن مائننگ کے لیے کم ریٹ پر بجلی فراہمی کا معاملہ تاحال حل نہ ہو سکا، حکومت بٹ کوائن مائننگ کے معاملے پر آئی ایم ایف کو راضی نہیں کر سکی، حالیہ مذاکرات میں یہ معاملہ پھر آئی ایم ایف ٹیم کے سامنے رکھا جائے گا۔

بقیہ 22

واضح رہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے پانی کی عدم دستیابی کے باعث شہری شدید مشکلات کا شکار تھے اور بڑی تعداد میں لوگ ٹینکرز کے ذریعے مہنگے داموں پانی حاصل کرنے پر مجبور تھے۔ شہری حلقوں نے ضلعی انتظامیہ کی کارروائی کا خیر مقدم کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ پانی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے اور شہر میں پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 23

اور ناقابلِ علاج مرض ہے تاہم بروقت اور مکمل

ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس موذی مرض سے محفوظ رکھا جا سکتا ہے انہوں نے اس موقع پر والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں تاکہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران ضلع بھر کے تمام علاقوں دیہی و دور دراز علاقوں اور آبادیوں تک رسائی یقینی بنائی جائے اور کوئی بھی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے انہوں نے فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی ٹیموں کی بروقت روانگی اور گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلانے کے عمل کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت والدین اساتذہ علماء کرام اور معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور اپنے بچوں کو ہر بار پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں کیونکہ بچوں کا محفوظ اور صحت مند مستقبل ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 24

عوام کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل کو سنجیدگی سے سنا اور متعلقہ امور پر تفصیلی غور کیا۔ انہوں نے بعض مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی متعلقہ حکام کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے فوری کارروائی عمل میں لانے کی ہدایت کی، جبکہ دیگر مسائل کو بھی ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ عوامی خدمت اور لوگوں کے مسائل کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے دستیاب وسائل کے اندر رہتے ہوئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے اور جائز مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اس موقع پر ملاقات کرنے والے افراد نے اپنے مسائل سننے، فوری کارروائی اور حل کی یقین دہانی پر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کا شکریہ ادا کیا اور ان کے عوام دوست رویے کو سراہا۔

بقیہ 25

میں مکان نمبر 466 سیکٹر 10 بسم اللہ کالونی اورنگی ٹاؤن میں فائرنگ سے لڑکی جاں بحق ہوگئی، جس کی لاش عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق مقتولہ کی شناخت 17 سالہ زرقا بی بی دختر محمد رئیس خان کے نام سے کی گئی، جسے اس کے بھائی سفیر خان نے غیرت کے نام پر سر پر ایک گولی مار کر قتل کیا اور موقع سے فرار ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقتولہ نے کسی شخص سے نکاح کر لیا تھا، گزشتہ شب جب اس نے اپنے نکاح کے بارے میں گھر والوں کو بتایا اور اپنا نکاح نامہ دکھایا تو مقتولہ کے بھائی اور دیگر رشتے دار طیش میں آ گئے۔ رشتے داروں نے مقتولہ کے بھائی سفیر خان کو قتل کرنے کے لیے اکسایا، جس پر اس نے مقتولہ کے سر پر گولی مار کر قتل کر دیا۔ پولیس ملزم کو گرفتار کرنے کے لیے چھاپے مار رہی ہے۔

بقیہ 26

ترقیاتی کاموں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر عبدالباسط بزدار، ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید کاکڑ، سپرنٹنڈنگ انجینئر مواصلات و تعمیرات محمد رزاق، پراجیکٹ ڈائریکٹر محمد ظفر کھوسہ، ایکسیئن بی اینڈ آر فضل محمد زرکون، اسسٹنٹ کمشنر کھنی فہد حسین عمرانی اور دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے اور تعمیراتی کام مقررہ مدت کے اندر مطلوبہ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور سڑکوں، نکاسی آب اور شہری انفراسٹرکچر کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے۔

بقیہ 27

برداشت نہیں کی جائے گی گڈ گورننس کے حوالے سے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان کا وژن واضح ہے ڈسٹرکٹ منیجر این آر ایس پی جہانگیر بلوچ نیکمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے 18815 سیلاب متاثرہ خاندانوں کے لئے مستند فہرستیں فراہم کی گئیں

بقیہ 28

لیاقت بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ پارٹی کی پُرامن سیاسی، جمہوری اور آئینی جدوجہد کے تحت ملک بھر میں احتجاج، ہڑتالیں اور دھرنے کیے گئے، جبکہ لاہور، پشاور، کراچی، کوئٹہ سمیت متعدد مقامات پر کئی ہفتوں سے احتجاج جاری ہے۔ پارٹی نے 20 ستمبر کو کراچی سے امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کی قیادت میں اسلام آباد کے لیے ٹرین مارچ بھی شروع کیا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی کی مذاکراتی کمیٹی نے حکومت کو پٹرولیم لیوی ختم کرنے اور اس کے متبادل محصولات کے لیے چھ تجاویز پیش کی ہیں، جن کا مقصد عوام کو ریلیف دینا، پیداواری لاگت کم کرنا اور معیشت کو سہارا دینا ہے۔ حکومت نے مذاکرات میں ریلیف دینے کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کی آمادگی کا اظہار کیا، تاہم مزید وقت مانگا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی حکومت کے مزید تاخیری حربے قبول نہیں کرے گی اور مذاکرات لامحدود مدت تک جاری نہیں رہ سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ مکمل اور قابل عمل ریلیف پیکیج (PackageRelief) کے بغیر مزید مذاکرات بے معنی ہوں گے۔ اسلام آباد سپر لانگ مارچ کا فیصلہ حتمی ہے اور ملک کے مختلف حصوں سے قافلے وفاقی دارالحکومت کی جانب بڑھ رہے ہیں۔ احتجاج کا مقصد کسی فرد یا جماعت کا سیاسی مفاد نہیں بلکہ عوام کو پٹرول کی بڑھتی قیمتوں اور ٹیکسوں کے بوجھ سے ریلیف دلانا ہے۔ لیاقت بلوچ نے یہ بھی کہا کہ جماعت اسلامی تمام سیاسی جماعتوں کے پُرامن احتجاج کے آئینی اور جمہوری حق کو تسلیم کرتی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف نے جماعت اسلامی کے مطالبات کی حمایت کی ہے اور جماعت اسلامی کسی بھی حکومتی کوشش کے نتیجے میں دونوں جماعتوں کے کارکنوں کے درمیان تصادم نہیں چاہتی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی اپنی پُرامن جدوجہد کو جاری رکھتے ہوئے حالات کے مطابق اسلام آباد مارچ کے اگلے مرحلے کا لائحہ عمل طے کرے گی۔

بقیہ 29

انٹرنیشنل ایکسپو سینٹر میں منعقدہ PAAPAM سمپوزیم سے بطور مہمانِ خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان ایسوسی ایشن آف آٹوموٹیو پارٹس اینڈ ایسیسریز مینوفیکچررز کے زیرِ اہتمام سمپوزیم کا موضوع ''مسابقت—لوکلائزیشن اور الیکٹرک موبیلٹی'' تھا۔ اپنے خطاب سے قبل رانا احسان افضل خان نے ملکی اور بین الاقوامی کمپنیوں کے اسٹالز اور PAAPAM پویلینز کا دورہ کیا۔ انہوں نے مختلف گاڑیاں تیار کرنے والی کمپنیوں، بالخصوص ابھرتے ہوئے الیکٹرک وہیکل مینوفیکچررز کے نمائندوں سے ملاقاتیں کیں اور پاکستان کی آٹوموبائل صنعت کی ترقی میں ان کے کردار کو سراہا۔ سمپوزیم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر نے کہا کہ آٹو سیکٹر میں لوکلائزیشن کا عمل محض مقامی پیداوار تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اسے عالمی اور مقامی سطح پر مسابقت، بہتر معیار، قابلِ اعتماد مصنوعات اور صارفین کو زیادہ انتخاب فراہم کرنے کے اہداف سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تیار ہونے والی ہر گاڑی کے پیچھے پرزہ سازوں، انجینئرز، تکنیکی ماہرین اور کارکنوں پر مشتمل ایک وسیع سپلائی چین موجود ہے۔ آٹو موبائل سیکٹر قومی مجموعی پیداوار میں تقریباً چار فیصد حصہ ڈالتا ہے اور لاکھوں پاکستانیوں کو روزگار فراہم کر رہا ہے۔ رانا احسان افضل خان نے مشکل معاشی حالات کے باوجود آٹو انڈسٹری کی ترقی، استقامت اور کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ صنعت مستقبل کی ضروریات کو مدِنظر رکھتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی، جدت اور بالخصوص الیکٹرک گاڑیوں کی تیاری کی جانب تیزی سے پیش رفت کرے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت سرمایہ کاری اور صنعتی ترقی کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی کے ساتھ ایسی پالیسیاں جاری رکھے گی جو جامع، مستقل، شفاف اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے منصفانہ ہوں۔ وزیرِاعظم کے کوآرڈینیٹر کی سمپوزیم میں شرکت حکومت کی جانب سے آٹوموبائل صنعت کے ساتھ مسلسل رابطے اور پاکستان میں ایک جدید، مسابقتی اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ آٹو سیکٹر کے قیام کے عزم کی عکاس ہے۔

بقیہ 30

رئیسانی کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 31

لورالائی میں 7 دودھ کی دکانوں کے خلاف پانی کی ملاوٹ، اسکمڈ ملک پاؤڈر، ناقص صفائی اور بی ایف اے لائسنس کی عدم موجودگی پر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کوئٹہ میں دودھ بردار گاڑیوں، موٹر سائیکلوں، رکشوں، دودھ کی دکانوں اور مشتبہ مقامات جہاں سے دودھ سپلائی کیا جا رہا تھا کی اسنیپ چیکنگ کی گئی، جبکہ متعدد کاروباری مراکز کو بہتری کے نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں نے دودھ کی سپلائی چین میں صفائی، ذاتی حفظانِ صحت، مناسب اسٹوریج اور بی ایف اے کے ایس او پیز پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا۔ ڈائریکٹر جنرل بی ایف اے حبیب اللہ خان نے واضح کیا ہے کہ ملاوٹی اور غیر معیاری دودھ کی فروخت و سپلائی کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا، عوام کو محفوظ اور معیاری دودھ و دیگر ڈیری مصنوعات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، حالیہ جاری مہم کا مقصد ملاوٹ کیمکر و دھندے کا مکمل خاتمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موبائل ٹیسٹنگ لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر فوری جانچ اور دودھ کی سپلائی چین کی نگرانی کا عمل جاری رہے گا جبکہ ملاوٹ اور قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ 32

ہوئے کہا کہ کنٹینر نہ لگاؤ، عوام کو ریلیف دو۔ شہروں کو بند نہ کرو، انسانوں کی شاہراہیں، معیشت کی شاہراہیں، تعلیم اور روزگار کی شاہراہیں کھولو۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پٹرولیم لیوی عوام پر بھتہ ٹیکس ہے۔ عالمی منڈی میں پٹرول کی قیمتیں بڑھتی ہیں تو اس کا اثر پوری دنیا پر پڑتا ہے، مگر پاکستان میں حکومت اضافی ٹیکسوں کے ذریعے سارا بوجھ عوام پر ڈال دیتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی کا عالمی مارکیٹ کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، اس لیے حکومت اسے ختم کرے تاکہ کرائے اور روزمرہ استعمال کی اشیا سستی ہو سکیں۔ جماعت اسلامی کی تحریک کا واحد مطالبہ پٹرولیم لیوی کا خاتمہ اور عوام کو حقیقی ریلیف دینا ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ ایف بی آر کے عملے کی کرپشن 1,300 ارب روپے تک پہنچ چکی ہے، جبکہ حکومتی اخراجات بھی کم ہونے کا نام نہیں لے رہے۔ حکمرانوں کے پاس 11 ارب روپے مالیت کے جہاز ہیں، دوسری جانب غریب اور متوسط طبقہ مہنگائی تلے دب رہا ہے۔ جماعت اسلامی کا ٹرین مارچ جوش و جذبے کے ساتھ جاری ہے اور عوام بڑی تعداد میں اس کا ساتھ دے رہے ہیں۔ شدید گرمی اور حبس کے باوجود کارکن اکانومی کلاس میں سفر کر رہے ہیں۔ ٹرین مارچ روہڑی پہنچ چکا ہے، جہاں سے قافلہ ملتان جائے گا اور پھر اسلام آباد کی جانب مارچ ہوگا۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے پیپلز پارٹی کے رویے پر بھی اعتراض کیا اور کہا کہ وہ وفاقی حکومت کے خلاف جماعت اسلامی کی تحریک کی حمایت کا دعویٰ کرتی ہے، لیکن مختلف مقامات پر جماعت اسلامی کے کارکنوں اور ٹرین مارچ کے استقبال کے لیے آنے والے لوگوں کے لیے رکاوٹیں کھڑی کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد اور ٹنڈو آدم میں کارکنوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ سکھر اور روہڑی میں استقبال کے لیے آنے والے قافلوں کو پلیٹ فارم تک جانے کی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے پیپلز پارٹی سے سوال کیا کہ اگر وہ وفاقی حکومت کے خلاف احتجاج کی حمایت کرتی ہے تو پھر رکاوٹیں کیوں کھڑی کی جا رہی ہیں۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پٹرول کی قیمت اور مہنگائی پورے ملک کا مسئلہ ہے، انہوں نے پیپلز پارٹی پر زور دیا کہ رکاوٹیں ڈالنے کے بجائے ٹرین مارچ کو سہولت فراہم کرے۔

بقیہ 33

سے تعلق رکھنے والے 9 خوارج ہلاک ہو گئے۔ قابل اعتماد انٹیلی جنس اطلاعات کی بنیاد پر افغانستان کے ساتھ سرحدی علاقے میں فتن الخوارج اور اس سے منسلک دہشتگرد گروہوں کے کیمپوں اور ٹھکانوں کو بھی درستگی کے ساتھ نشانہ بنایا گیا۔ اس کارروائی کے دوران 3 اہداف کو تباہ کیا گیا، جن میں خودکش بمباروں کی تربیت کا مرکز بھی شامل تھا۔ اس کارروائی میں 28 دہشتگرد، متعدد خودکش بمباروں سمیت ہلاک ہوئے۔ سکیورٹی فورسز کی اس کارروائی میں دہشتگردوں کے مراکز اور ٹھکانوں میں ذخیرہ کیا گیا بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی تباہ کر دیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے کوششیں کی ہیں، تاہم شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔ افغانستان میں دہشتگردی کے مراکز کا موجود رہنا پاکستان کے لیے باعث تشویش ہے اور پاکستان کو درپیش دہشتگردی کا خطرہ افغانستان سے لاحق ہے۔ فورسز کی حالیہ کارروائیوں میں دہشتگردوں کے مراکز کو ہی درست طور پر نشانہ بنایا گیا ہے اور زیادہ سے زیادہ احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ کوئی شہری یا غیر متعلقہ نقصان نہ ہو۔ سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے عزم استحکام کے وژن کے تحت جاری انسداد دہشتگردی کی مہم غضب للحق بھرپور انداز میں جاری رہے گی تاکہ ملک سے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشتگردی کے ناسور کا خاتمہ کیا جا سکے۔

بقیہ 34

تعلقات کے قیام کی بنیاد پر صدر مملکت نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور آرمینیا اپنے تعلقات کو مزید مضبوط بنائیں گے اور اپنے عوام کے امن، ترقی اور خوشحالی کے لئے مشترکہ مفاد کے شعبوں میں باہمی طور پر مفید تعاون کو وسعت دیں گے۔

بقیہ 35

پورے ملک میں نئے انتظامی یونٹس کی بات ہو رہی ہے، ملک میں نئے یونٹس انتظامی بنیادوں پر بنائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ، کسانوں اور مزدوروں کو مضبوط بنائیں گے جبکہ ایم کیو ایم کے کارکنوں نے آج تاریخ رقم کر دی ہے، پاکستان جس مقصد کے لیے بنایا گیا تھا، اسی مقصد کے لیے ریلی نکالی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں تین کروڑ سے زائد بچے اسکولوں سے باہر ہیں، عوام کے مسائل کے حل کے لیے اختیارات نچلی سطح تک منتقل کرنا ہوں گے۔ ایم کیو ایم کے سینئر رہنما ڈاکٹر فاروق ستار نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ میں چند خاندانوں کی اجارہ داری کے خاتمے کا آغاز ہو گیا ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ اگلا میئر کراچی کا بیٹا اور ایم کیو ایم پاکستان کا ہوگا۔ فاروق ستار نے کہا کہ پاکستان کے 25 کروڑ اور سندھ کے ساڑھے سات کروڑ عوام کی شراکت داری کا دور شروع ہو چکا ہے۔ فاروق ستار نے شرکا سے سوال کیا کہ اگلی ریلی شارع فیصل پر ہونی چاہیے یا شاہراہ بھٹو پر؟ ریلی کے اختتام پر پارٹی رہنماؤں نے شرکا کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 36

نے جماعت اسلامی کو عوامی جذبات چھپانے کی فائر وال قرار دیا تھا۔ شبر زیدی کے الزامات کیخلاف قانونی کارروائی کے لیے عدالت سے رجوع کیا گیا۔

بقیہ 37

نسبت 2 ڈگری بڑھ گیا صبح سویرے درجہ حرارت 24 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، پارہ 35 ڈگری سینٹی گریڈ تک جانے کا امکان ہے۔ کراچی کا کم سے کم درجہ حرارت 27 ڈگری ریکارڈ کیا گیا، شہر میں ہوا میں نمی کا تناسب 74 فیصد ہے، زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 سے 39 ڈگری رہنے کا امکان ہے، کراچی میں موسم گرم اور مرطوب رہنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے تاہم بارکھان، موسیٰ خیل، زیارت، ہرنائی، ژوب، شیرانی اور خضدار میں ہلکی بارش کا امکان ہے، بعض علاقوں میں تیز ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق پشاور میں مطلع جزوی اور موسم خشک رہے گا، شہر کا درجہ حرارت 34 ڈگری سینٹی گریڈ تک بڑھنے کا امکان ہے۔ یہ صوبے کے بیشتر میدانی اضلاع میں دن کے اوقات موسم گرم اور مرطوب رہنے کا امکان ہے تاہم نوشہرہ، کوہاٹ، ہنگو، کرم، باجوڑ اور مہمند میں ہلکی بونداباندی متوقع ہے۔ دیر، سوات، کوہستان، شانگلہ اور ایبٹ آباد میں تیز ہوا، گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے، خیبر، کرک، لکی مروت، ڈی آئی خان اور وزیرستان میں تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی بارش متوقع ہے۔

بقیہ 38

کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ واقعہ ایک نہایت افسوسناک اور دلخراش سانحہ ہے جو نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے علمی و دینی طبقے کے لیے گہرے صدمے کا باعث ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک میں عرصہ دراز سے جید علمائے کرام اور دینی شخصیات کو مسلسل نشانہ بنایا جا رہا ہے مگر ان واقعات میں ملوث عناصر کی گرفتاری اور ان کی روک تھام کے لیے کوئی مؤثر اور سنجیدہ اقدام دیکھنے میں نہیں آیا۔ جمعیت علما اسلام بلوچستان اس المناک واقعہ کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور حکومت و متعلقہ اداروں سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ اس افسوسناک واقعہ میں ملوث عناصر کو فوری طور پر گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس موقع پر حضرت مولانا محمد ادریس شہید کے اہل خانہ سے دلی تعزیت ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند فرمائے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 39

تھا اور وہ مجھے خودکش بمبار بننے پر مجبور کر رہے تھے۔ صفیہ نے مزید کہا کہ انہوں نے خودکش حملے کی تیاری کے لیے گاڑی چلانا بھی سیکھی تھی، تاہم ریاست اور سکیورٹی اداروں نے مجھے اور خدیجہ کو بحفاظت بازیاب کرایا اور انتہائی باعزت طریقے سے ہمارے خاندانوں کے حوالے کیا۔ پریس کانفرنس کے دوران خدیجہ پیر جان نے بھی اہم اعترافات کرتے ہوئے کہا کہ ان کے شوہر کا تعلق دہشت گرد تنظیم سے تھا جو 2022 میں ہلاک ہو گیا تھا، جس کے بعد انہیں کوئٹہ سے اٹھا لیا گیا تھا۔ خدیجہ نے نوکنڈی بم دھماکے میں اپنے ملوث ہونے کا اعتراف کیا اور کہا کہ میں اپنی ماضی کی تمام کارروائیوں پر اپنے تمام بلوچ بہنوں اور بھائیوں سے دل سے معافی چاہتی ہوں۔ دونوں خواتین نے سکیورٹی اداروں کی جانب سے ان کی حفاظت اور باعزت واپسی کے اقدامات کو سراہا اور تشدد کا راستہ چھوڑنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 40

پراسسٹنٹ کمشنر نے ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں تک رسائی یقینی بنائی جائے اور کوئی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کا مشترکہ وژن لورالائی کو پولیو وائرس سے پاک بنانا ہے، جس کے لیے والدین اور عوام کا تعاون انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے اپنے پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے دو قطرے ضرور پلوائیں اور اس قومی مہم میں کسی قسم کی کوتاہی نہ کریں۔

بقیہ 41

کی آواز عالمی سطح پر بلند کی۔ انہوں نے عالمی برادری کی توجہ سیلاب متاثرین کی مشکلات کی جانب مبذول کرانے میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک بھارت جنگ کے بعد پاکستان کا مقف دنیا تک پہنچانے کے لیے بلاول بھٹو زرداری نے وفد کی قیادت کی اور عالمی دارالحکومتوں میں پاکستان کا مقف مؤثر انداز میں اجاگر کیا۔ انہوں نے پاکستان کے امن اور مذاکرات کے مقف کو بھی عالمی برادری کے سامنے پیش کیا۔ شازیہ مری نے کہا کہ عوام کے سیاسی اور معاشی حقوق بلاول بھٹو زرداری کی جدوجہد کا محور ہیں، جبکہ وہ جمہوریت، آئین اور عوام کے حق حکمرانی کی آواز ہیں۔ بلاول بھٹو زرداری ترقی پسند اور خوشحال پاکستان کے وژن کو آگے بڑھا رہے ہیں۔

بقیہ 42

عبدالوحید بلیدی، ڈبلیو ایچ او کیچ کے ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر ارسلان، ظریف عالیان، پولیو ٹیموں کے ارکان اور محکمہ صحت کے دیگر متعلقہ اہلکار بھی موجود تھے۔ اس موقع پر انہوں نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔ اس موقع پر میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے والدین، عوام، محکمہ صحت اور معاشرے کے تمام طبقات کی مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں اور گھر گھر آنے والی پولیو ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ انسداد پولیو مہم کے دوران کوئی بھی بچہ حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے اور تمام علاقوں میں پولیو ٹیموں کی مؤثر رسائی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ پولیو کے خاتمے کے قومی مشن میں محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ دریں اثناء ڈی ایچ او کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ نے میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع کیچ میں انسداد پولیو مہم کے لیے 315 موبائل ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں، جبکہ بچوں تک رسائی یقینی بنانے کے لیے 71 فکسڈ مراکز اور 9 ٹرانزٹ پوائنٹس بھی قائم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چار روزہ انسداد پولیو مہم 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران پولیو ٹیمیں ضلع بھر میں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ محکمہ صحت کی جانب سے والدین اور عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے اپنے بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 43

گرفتار ملزمان میں وحید ولد پنہل خان مغیری، سکنہ شہداد کوٹ سندھ شامل ہے، جو ماسٹر کی اچابی چوری میں ملوث تھا۔ ملزم کے قبضے سے چوری شدہ موٹر سائیکل اور ماسٹر کی برآمد ہوئی۔ جبکہ تین مبینہ ڈکیتوں: 1. صفیر ولد عطر خان، قوم ہلا ابڑو، سکنہ بھاگ 2. سونا ولد راجہ خان، سکنہ پیچوہہ کھلوئی ڈپ 3. عرفان ولد امیر بخش، قوم پالال، سکنہ بابا کوٹ کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ڈکیتوں کے خلاف FIR No. 150/26، 151/26 تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی، FIR No. 11/24 تھانہ صدر ڈیرہ مراد جمالی اور FIR No. 45/21 تھانہ منجھوشوری سمیت مختلف مقدمات درج ہیں۔ پولیس نے کارروائی کے دوران مجموعی طور پر 4 موٹر سائیکلیں، ایک پسٹل اور ایک ماسٹر کی برآمد کی۔ گرفتار ملزمان سے چند روز قبل اقبال بھٹی سے ڈکیتی کے دوران چھینی گئی CD-70 موٹر سائیکل ماڈل 2025 بھی برآمد کر لی گئی۔ ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او سرور مینگل نے پولیس ٹیم کی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔ سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی کا عزم: امن و امان کے قیام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے پولیس اپنی کارروائیاں جاری رکھے گی۔

بقیہ 44

اظہار کرتے ہوئے مسائل کے حل کے لیے مؤثر اور منظم جدوجہد کا اعلان کیا ہے۔ اس بات کا فیصلہ پیر کو زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان کا اجلاس چیئرمین ملک نصیر احمد شاہوانی کی زیرِ صدارت مرکزی دفتر کوئٹہ میں منعقدہ اجلاس میں کیا گیا جس میں جنرل سیکرٹری حاجی عبدالرحمٰن بازئی، حاجی نور احمد بلوچ، سید عبدالقہار آغا، حاجی شیر علی مشوانی، حاجی عزیز سرپرہ، کاظم خان اچکزئی، سید صدیق اللہ آغا، عبداللہ جان میرزئی، عبدالغفار کاکڑ، معراج خان مندوخیل، خالق داد ملکیار، ملک اسد اللہ بنگلزئی، ارباب محمد عمر، فضل الرحمٰن بلوچ، چیئرمین اسماعیل بلوچ، میر احمد بنگلزئی، محبت خان لونی، عبدالولی، نثار احمد، حاجی عصمت اللہ موسیٰ خیل سمیت مختلف اضلاع کے ایگزیکٹو ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں حکومت کو پیش کیے گئے 6 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ اور اس پر حکومتی عدم پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکا نے غیر ملکی زرعی اجناس کی اسمگلنگ، نت نئے ٹیکسز کے نام پر مبینہ طور پر غیر قانونی وصولیوں، یوریا کھاد کی ترسیل پر پابندی اور زمینداروں کو درپیش دیگر مسائل پر تشویش کا اظہار کیا۔ شرکا نے مستونگ میں انتظامی افسران کی جانب سے گاڑیاں روک کر مختلف ناموں سے مبینہ وصولیوں پر بھی تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ صوبائی حکومت کس قانون کے تحت یکمشت رقم ٹیکس کے نام پر وصول کر رہی ہے۔

بقیہ 45

کمشنر سریاب اور اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ نے خود فیلڈ میں موجود ہو کر بکرا منڈی اور بلوچ کالونی کے مقام پر آپریشن کی نگرانی کی۔ اس موقع پر ریڈرٹو اے سی میر محمود رند اور سریاب صفا زون ٹیم کے منیجر بھی ان کے ہمراہ تھے۔ آپریشن کے دوران مین شاہراہ پر کھڑے گندے پانی کی فوری نکاسی کو یقینی بنایا گیا، جبکہ روڈ کے کناروں پر پھیلا ہوا کوڑا کرکٹ ہٹا کر سڑک کو آمدورفت اور شہریوں کے لیے مکمل طور پر صاف کر دیا گیا۔ انتظار نو کے تحت چلائی جانے والی اس خصوصی مہم کا بنیادی مقصد شہریوں کو صاف ستھرا اور بہتر ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ مین شاہراہ پر ٹریفک کی روانی کو بلاتعطل جاری رکھنا ہے۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ شہر میں گندگی پھیلانے اور تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 46

مقیم افغانی اس لشکر کا حصہ ہوں گے؟ وفاق پوری قوت سے اس کا دفاع کرے گا۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور اس کے حواری اقتدار کے حصول کے لئے کس حد تک جاسکتے ہیں ہم نے 9 مئی کو دیکھا، 26 نومبر کو دیکھا، اب یہ شخص جو اپنے عزائم بتا رہا ہے، پاکستان کے عوام ان کی اصلیت کا اندازہ لگا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ کل بھی امن، ترقی اور پاکستان کے دشمن تھے آج بھی ہیں اور کل بھی ہوں گے، لاکھ اختلافات ہوں کوئی پاکستانی یہ زبان نہیں بول سکتا، یہ پاکستان دشمن زبان ہے کسی کو کوئی ابہام رہ گیا؟ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اسلام آباد کو سومنات بنانے والا محمود غزنوی 24 گھنٹے نہیں گزرے، دوڑ لگا گیا ہے کہ میرا یہ مطلب نہیں تھا، بانی پی ٹی آئی کو چاہنے والے بھی اپنے جیسے ملے ہیں، اس نے بھی سیاسی زندگی میں جتنے پینترے بدلے ہیں اس کو خود بھی یاد نہیں ہوں گے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ یہ سارے ایک جیسے ہیں، ایک دوسرے کی فوٹو کاپی ہیں۔

بقیہ 47

حاجی عبدالنافع کاکوزئی، حاجی فضل اللہ خان عدوزئی، حاجی بالاوان غبیزئی اور حاجی اللہ محمد صالح زئی سمیت دیگر معززین نے شرکت کی۔ شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے میں امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور اتفاق و اتحاد کے فروغ کے لیے اجتماعی طور پر اپنا کردار ادا کیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس نیک کوشش کو کامیاب فرمائے اور علاقے میں دائمی امن، بھائی چارہ، اتفاق و اتحاد اور خوشحالی قائم فرمائے۔ آمین۔

بقیہ 48

نبیل اعوان فون سننے کیلئے کمرہ عدالت سے باہر چلے گئے۔ اس دوران سماعت کا آغاز ہوا تو چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کی عدم پیشی پر استفسار کیا کہ کدھر ہیں وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ؟ کب بادشاہ سلامت تشریف لا رہے ہیں؟ کیس کو کیوں انتظار میں رکھا جائے؟ سینئر افسران نے عدالت کو بتایا کہ وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ فون سننے کیلئے عدالت سے باہر گئے ہیں جس پر چیف جسٹس عالیہ نیلم نے وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کو شوکاز نوٹس جاری کرنے کا فیصلہ کیا، تاہم ڈپٹی اٹارنی جنرل نے استدعا کی کہ وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ عدالت آ رہے ہیں، شوکاز نوٹس جاری نہ کیا جائے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ آپ عدالتی کارروائی میں مداخلت نہ کریں، چیف جسٹس نے وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ سے 23 ستمبر تک وضاحت طلب کر لی۔ یاد رہے کہ ڈی آئی جی احمد ناصر عمر ورک نے اگلے گریڈ میں ترقی کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر رکھا ہے۔

بقیہ 49

اور کی ہے جبکہ حکمرانوں کی پالیسیز کی وجہ سے قوم تشویش میں مبتلا ہیں، ملک میں قرضوں کا دباؤ اور مہنگائی بڑھ گئی ہے جبکہ مہنگائی کے حوالے سے عوام کے دکھوں کا مداوا نہیں کیا جا رہا کیونکہ حکمران اندھے ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کچھ جماعتوں نے احتجاج کا اعلان کیا ہے جس کے بعد اسلام آباد کو کنٹینرز سے بھر دیا گیا ہے، ایسے رویوں سے ملک کے لیے باغی تو آپ خود بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں میگا پراجیکٹ معطل ہیں جبکہ لوگ اپنا سرمایہ اب بیرون ملک منتقل کر رہے ہیں، چین کا اعتماد آپ کھو چکے ہیں جبکہ ریاستی قوت دفاعی پوزیشن میں آ گئی ہے اور گھر میں آگ لگی ہوئی ہے۔

بقیہ 50

خصوصی برائے داخلہ بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ پنجگور میں آپریشن ردالفتنہ کے تحت سکیورٹی فورسز نے کارروائیاں کیں، جس میں 4 دہشتگرد ہلاک کیے گئے، امن و استحکام کے قیام کیلئے دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 51

انہوں نے کہا کہ اجلاس کے لیے دعوت نامے تیار کیے جا چکے ہیں جو متعلقہ یونٹوں کے ذریعے اراکینِ عمومی تک بروقت پہنچائے جائیں گے۔ اجلاس میں شرکت کے لیے دو ہزار سے زائد اراکینِ عمومی کو دعوت نامے جاری کیے جا چکے ہیں انہوں نے تمام اراکینِ عمومی پر زور دیا کہ وہ اپنے متعلقہ یونٹ کے ذمہ داران سے رابطے میں رہتے ہوئے دعوت نامہ بروقت وصول کریں اجلاس کے مقررہ وقت اور مقام پر اپنی شرکت یقینی بنائیں اور جماعتی نظم و ضبط کی پاسداری کرتے ہوئے اجلاس کو منظم اور کامیاب بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ اراکینِ عمومی کی شرکت محض ایک رسمی حاضری نہیں بلکہ جماعتی مشاورت، تنظیمی استحکام اور آئندہ کے لائحہ عمل کی تشکیل میں ان کی دستوری و جماعتی ذمہ داری کا تقاضا ہے۔ انہوں نے یونٹ امرا و نظما عمومی کو بھی ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے یونٹ کے اراکینِ عمومی تک دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اجلاس کی اطلاع اور اراکین کی شرکت کو یقینی بنانے کے لیے ہر رکن سے رابطہ کریں۔

بقیہ 52

رکھی تھیں۔ ملزم سے ابھی تک بہت سے نوجوانوں کی ڈگریاں برآمد کرنا باقی ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ملزم کے خلاف 600 متاثرین کی براہ راست شکایات بھی موجود ہیں، جبکہ ملزم کے اکاؤنٹ سے 12 کروڑ روپے برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ یہ 41 کروڑ روپے سے زائد کا فراڈ ہے۔ متاثرین کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم آج بھی جیل میں وہی کام کر رہا ہے اور اڈیالہ جیل میں بیٹھ کر اپنا مکمل نیٹ ورک چلا رہا ہے۔ متاثرین کے وکیل کے مطابق ملزم سے موبائل فون برآمد ہونے پر اڈیالہ جیل کے 8 ملازمین کو معطل کیا گیا ہے۔ دوسری جانب ملزم کے وکیل نے مؤقف اختیار کیا کہ محمد جہانزیب کے خلاف براہ راست کوئی ثبوت موجود نہیں اور ملزم کا ان تمام معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مؤقف اختیار کیا کہ ملزم اپنے ایجنٹس کے ذریعے رقم وصول کرتا تھا۔ سپریم کورٹ نے دلائل سننے کے بعد ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کر لی۔

بقیہ 53

گرفتاریوں سمیت قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ذمہ داروں کے خلاف زیرو ٹالرنس کے تحت سخت کارروائی کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب صوبائی وزیر شکیل خان نے ڈپٹی کمشنر اور دیگر اعلیٰ حکام کو خط میں کہا ہے کہ بٹ خیلہ میں گھر جاتے ہوئے میری گاڑی پر کار سوار نامعلوم افراد نے فائرنگ کی۔ شکیل خان کا کہنا ہے کہ میرے گارڈز نے نامعلوم افراد کی گاڑی کے ٹائروں پر فائرنگ کی، اس دوران میرے ڈرائیور نیگاڑی بھگا کر محفوظ جگہ پہنچا دی۔ شکیل خان کا موقف ہے کہ نامعلوم افراد ہمیں اغوا اور قتل کرنا چاہتے تھے۔

بقیہ 54

3 ہزار سے زائد افراد کی ڈگریاں بھی نوکریوں کے لیے لے رکھی تھیں۔ ملزم سے ابھی تک بہت سے نوجوانوں کی ڈگریاں برآمد کرنا باقی ہیں۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل کے مطابق ملزم کے خلاف 600 متاثرین کی براہ راست شکایات بھی موجود ہیں، جبکہ ملزم کے اکاؤنٹ سے 12 کروڑ روپے برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے عدالت کو بتایا کہ یہ 41 کروڑ روپے سے زائد کا فراڈ ہے۔ متاثرین کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ملزم آج بھی جیل میں وہی کام کر رہا ہے اور اڈیالہ جیل میں بیٹھ کر اپنا مکمل نیٹ ورک چلا رہا ہے۔ متاثرین کے وکیل کے مطابق ملزم سے موبائل فون برآمد ہونے پر اڈیالہ جیل کے 8 ملازمین کو معطل کیا گیا ہے۔ دوسری جانب ملزم کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ محمد جہانزیب کے خلاف براہ راست کوئی ثبوت موجود نہیں اور ملزم کا ان تمام معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مقوف اختیار کیا کہ ملزم اپنے ایجنٹس کے ذریعے رقم وصول کرتا تھا۔ سپریم کورٹ نے دلائل سننے کے بعد ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کر لی۔

بقیہ 55

کر دی ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز کے مطابق اس واقعے کے تمام پہلوؤں کی باریک بینی سے تحقیقات کی جا رہی ہیں اور حقائق کو منظرِ عام پر لانے کے لیے تمام متعلقہ شواہد کا سنجیدگی سے جائزہ لیا جا رہا ہے۔ ابتدائی طور پر سامنے آنے والی معلومات کے مطابق یہ واقعہ دو افراد کے درمیان ون ویلنگ (One Wheeling) کے دوران آپس میں ٹکرانے کے باعث پیش آیا

سیکورٹی فورسز کا پنجگور میں آپریشن، 4 دہشت گرد ہلاک

کارروائی اپھان اور پروم کے علاقوں میں کی گئی، دہشتگردوں سے جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا

بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، جو آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی، سیکورٹی ذرائع

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میں سیکورٹی فورسز نے کارروائیوں کے دوران فتنہ الہندوستان کے 4 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ پنجگور کے علاقوں اپھان کوہ اور پروم میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاعات پر آپریشن کیا گیا۔ سیکورٹی ذرائع نے بتایا کہ آپریشن کے دوران سیکورٹی فورسز کا علاقے میں موجود دہشتگردوں کے ساتھ شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا جس میں 4 دہشتگرد مارے گئے۔ ذرائع کے مطابق ہلاک دہشتگردوں سے بڑی مقدار میں جدید اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کرلیا گیا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، جو آخری دہشتگرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔ دریں اثنا بلوچستان حکومت کے معاون (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

جے یو آئی ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلسِ عمومی کا اجلاس 8 اکتوبر کو طلب

دو ہزار سے زائد ارکینِ عمومی کو دعوت نامے جاری، تمام ارکین مقررہ وقت پر شرکت یقینی بنائیں، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عمومی کا اجلاس 8 اکتوبر کو منعقد ہوگا جس میں جماعتی نظم وضبط، تنظیمی امور، کوئٹہ میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور شہری مسائل سمیت اہم امور پر غور وخوض کیا جائے گا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر کروڑوں کا فراڈ کرنیوالے ملزم کی ضمانت منظور

اسلام آباد (اے این این) شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے لوٹنے کے کیس میں سپریم کورٹ نے ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کرلی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ ملزم نے ایک ہزار سے زائد متاثرین سے رقم حاصل کی، جبکہ 3 ہزار سے زائد افراد کی ڈگریاں بھی نوکریوں کے لیے لے (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

مالاکنڈ میں لیویز اہلکاروں پر فائرنگ، 2 اہلکار زخمی

پشاور (جی این ایم) مالاکنڈ میں لیویز اہلکاروں پر فائرنگ، دو اہلکار زخمی ہوگئے، واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ویڈیو میں ایک شخص کو لیویز اہلکاروں پر فائرنگ کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے، فائرنگ کرنے والے کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ وہ پی ٹی آئی کے ایم پی اے شکیل خان کا گارڈ ہے۔ ذرائع کے مطابق فائرنگ کے واقعے کا اعلیٰ سطح پر سخت نوٹس لے کر شکیل خان و دیگر کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

کوئٹہ: ڈپٹی اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی غزالہ گولہ عہدیداران اور کارکنوں کے ساتھ بلاول بھٹو زرداری کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہی ہیں

زمیندار ایکشن کمیٹی کا 6 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ پر عدم عملدرآمد پر تشویش کا اظہار

یوریا کھاد کی ترسیل پر پابندی اور مہنگائی ناقابل قبول ہے،، ملک نصیر شاہوانی

کوئٹہ (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی بلوچستان نے حکومت کی جانب سے زمینداروں کے 6 نکاتی چارٹر آف ڈیمانڈ پر پیش رفت نہ ہونے، زرعی اجناس کی غیر قانونی اسمگلنگ، یوریا کھاد کی ترسیل پر پابندی، نام نہاد زرعی ٹیکس اور دیہی علاقوں میں بجلی کی صورتحال پر تشویش کا (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ڈپٹی کمشنر مہراللہ بادینی کی ہدایت پر مشرقی بائی پاس کے علاقے میں صفائی کی بڑی مہم مکمل

اسسٹنٹ کمشنر سریاب عزت اللہ کی زیر نگرانی بکرا منڈی اور بلوچ کالونی میں آپریشن، گندے پانی کی نکاسی اور کوڑا کرکٹ ہٹا دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ نے فوری ایکشن لیتے ہوئے مشرقی بائی پاس کے علاقے میں صفائی کی ایک بڑی اور کامیاب مہم مکمل کر لی ہے۔ عوامی شکایات اور میڈیا پر چلنے والی رپورٹس کا فوری نوٹس لیتے ہوئے، اسسٹنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

اسلام آباد کو کنٹینرز سے بھر دیا گیا، باغی تو آپ خود بنا رہے ہیں، فضل الرحمان

ملک پر قرضوں کا دباؤ اور مہنگائی بڑھ گئی جبکہ عوام کی مشکلات کا مداوا نہیں کیا جا رہا

اسلام آباد (اے این ایں) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ملک پر قرضوں کا دباؤ اور مہنگائی بڑھ گئی جبکہ عوام کی مشکلات کا مداوا نہیں کیا جا رہا، عالمی قوتوں نے اسلامی دفاعی معاہدے پر کاری ضرب لگائی ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ ملک میں حکومت کسی (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر کروڑوں کا فراڈ کرنیوالے ملزم کی ضمانت منظور

ملزم آج بھی جیل میں وہی کام کر رہا ہے اور اڈیالہ جیل میں بیٹھ کر اپنا مکمل نیٹ ورک چلا رہا ہے، وکیل متاثرین

اسلام آباد (یو این اے) شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے لوٹنے کے کیس میں سپریم کورٹ نے ملزم محمد جہانزیب کی ضمانت منظور کرلی۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے عدالت کو بتایا کہ ملزم نے ایک ہزار سے زائد متاثرین سے رقم حاصل کی، جبکہ (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

کوئٹہ، ایس ایس پی آپریشنز ضیاالحق مندوخیل کا پولیس اہلکار پر مبینہ تشدد کے الزام کا نوٹس

اختیارات کے ناجائز استعمال پر زیرو ٹالرنس پالیسی ہے، ملوث اہلکار کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی

کوئٹہ (یو این اے) ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیا الحق مندوخیل نے ایک پولیس اہلکار پر مبینہ تشدد کے الزام کا سخت نوٹس لیتے ہوئے واقعے کی فوری طور پر محکمانہ انکوائری شروع (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

اسلام آباد سومنات نہ جنید اکبر ہی محمود غزنوی، وفاق اپنا دفاع کریگا، وزیر دفاع

اقتدار کے حصول کے لیے پی ٹی آئی رہنما کس حد تک جا سکتے ہیں، ان کی زبان ان کی پاکستانیت بتا رہی ہے

وفاق پوری قوت سے اسلام آباد کا دفاع کرے گا، پاکستان دشمن زبان کوئی پاکستانی نہیں بول سکتا، وزیر دفاع

اسلام آباد (اے این این) وزیر دفاع خواجہ آصف نے جنید اکبر کے بیان پر ردعمل میں کہا ہے کہ نہ اسلام آباد سومنات ہے اور نہ یہ شخص محمود غزنوی ہے۔ وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی رہنما جنید اکبر کے متنازعہ بیان پر ایکس پر لکھا کہ اسلام آباد پاکستان کا قلعہ ہے اور وفاق کی علامت ہے، ان کی زبان بتا رہی ہے کہ یہ کتنے پاکستانی ہیں اور یہ اقتدار کے حصول کے لئے کس حد جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ روز پختونخوا میں جو خون بہہ رہا ہے اس سے ان کا دل نہیں روتا؟ کیا طالبان ان کے اتحادی ہیں جو یہ کے پی کے پولیس اور بہادروں کی شہادتوں کا سدباب کرنے کی بجائے مزید انتشار اور نفرت پھیلا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 27 ستمبر کو جس حملے کی یہ بات کر رہے ہیں کیا وہ طالبان کا حملہ ہے؟ کیا پاکستان میں (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر اچکزئی کی اہم جرگے میں شرکت، امن واتفاق پر زور

حاجی فتح محمد خان کاکوزئی کی رہائشگاہ پر منعقدہ جرگے میں قبائلی مشران اور سیاسی شخصیات کی شرکت، علاقائی بھائی چارے کے فروغ کا عزم

چمن (یو این اے) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے حاجی فتح محمد خان کاکوزئی کی سربراہی میں ان کی رہائشگاہ پر منعقدہ اہم جرگے میں شرکت کی۔ جرگے میں علاقے کے اہم قبائلی مشران، سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی اور باہمی اتحاد، اتفاق، بھائی چارے اور علاقے میں پائیدار امن کے قیام کے حوالے سے تفصیلی صلاح و مشورہ کیا گیا۔ جرگے میں حاجی نصیر احمد باچا خان، حاجی امین اللہ خان نورزئی، حاجی اسلم خان اچکزئی، ملک ہاشم کاکڑ، عصمت خان غبیزئی، حضرت علی اچکزئی، حاجی جبار غبیزئی، حاجی امیر محمد غبیزئی، حاجی شاہ محمد غبیزئی، (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

کمرہ عدالت سے باہر جانے پر وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ سے وضاحت طلب

لاہور (اے این این) وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ کو عدالتی سماعت کے دوران فون سننے کیلئے کمرہ عدالت سے باہر جانا مہنگا پڑ گیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے ڈی آئی جی ناصر عمر ورک کو اگلے گریڈ میں ترقی نہ دینے کے خلاف کیس کی سماعت کی، سماعت سے چند منٹ قبل وفاقی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

کوئٹہ، وزیرخزانہ میر شعیب نوشیروانی بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے کارکردگی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے ساجد حسین طوری، شاہ ذوالقرنین کی ملاقات

اسلام آباد (اے این این) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد سے سابق وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز ساجد حسین طوری اور پاکستان پیپلز پارٹی لیبر ونگ خیبر پختونخوا کے صدر شاہ ذوالقرنین نے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز میں ملاقات کی۔ ترجمان بی آئی ایس پی کے مطابق ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، پارٹی کی تنظیمی سرگرمیوں، محنت کش طبقے کے مسائل اور سماجی تحفظ سے متعلق امور پر (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

پاکستان نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں بڑی انسانی و معاشی قیمت ادا کی، وزیر قانون

اختلافِ رائے کو تصادم کے بجائے مکالمے اور دلیل کے ذریعے حل کرنا مہذب معاشروں کی پہچان ہے

پائیدار امن کیلئے مکالمہ، برداشت، باہمی احترام اور قانون کی حکمرانی ضروری ہے، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پائیدار امن کے لیے مکالمہ، برداشت، باہمی احترام اور قانون کی حکمرانی ضروری ہے، تنازعات اور اختلافات کا حل طاقت کے بجائے مذاکرات اور پرامن ذرائع سے تلاش کیا جانا چاہیے۔ عالمی یومِ امن کے موقع پر اپنے پیغام میں وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ امن صرف جنگ کے خاتمے کا نام نہیں بلکہ انصاف، مساوی حقوق، تحفظ اور انسانی وقار بھی امن کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی حکمرانی اور مؤثر نظامِ انصاف پائیدار امن کے لیے بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

نصیرآباد، سٹی ڈیرہ مراد جمالی پولیس کی کارروائی، ماسٹر چابی چور سمیت 4 ملزمان گرفتار

ڈی ایس پی سرور مینگل اور ایس ایچ او عبدالروف جمالی کی نگرانی میں کامیاب آپریشن

نصیرآباد (یو این اے) سٹی ڈیرہ مراد جمالی پولیس کی اہم کارروائی، ماسٹر چابی چور سمیت 4 ملزمان گرفتار، 4 موٹر سائیکلیں، پسٹل اور ماسٹر چابی برآمد ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او سرور مینگل کی نگرانی میں، ایس ایچ او سٹی عبدالروف جمالی اور سٹی ڈیرہ مراد جمالی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ماسٹر/چابی چور سمیت 4 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 43)

ضلع کیچ میں چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کا آغاز، ڈپٹی کمشنر نے بچوں کو قطرے پلا کر افتتاح کیا

ضلع کیچ میں پولیو مہم کے لیے 315 موبائل ٹیمیں تشکیل، 5 سال تک کے بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے

تربت (خ ن) ضلع کیچ میں چار روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ اس سلسلے میں ٹیچنگ ہسپتال تربت میں افتتاحی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جہاں ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر مہم کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کیچ ڈاکٹر عبدالرؤف بلوچ، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال تربت ڈاکٹر (باقی صفحہ 3 نمبر 42)

بلاول بھٹو جمہوری سیاست کی نئی نسل کی توانا آواز ہیں، شازیہ مری

حیدرآباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو سالگرہ پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری جمہوری سیاست کی نئی نسل کی توانا آواز اور شہید محترمہ بینظیر بھٹو کے جمہوری مشن کے علمبردار ہیں۔ اپنے بیان میں شازیہ مری نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری پاکستان کے کم عمر ترین وزیر خارجہ رہ چکے ہیں اور انہوں نے 2022 کے تباہ کن سیلاب کے دوران متاثرین (باقی صفحہ 3 نمبر 41)

محسن نقوی تہران پہنچ گئے، ایرانی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں متوقع

ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے تہران ایئرپورٹ پر اپنے پاکستانی ہم منصب محسن نقوی کا استقبال کیا

تہران (اے این این) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی تہران پہنچ گئے، جہاں وہ ایرانی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ ایرانی وزیر داخلہ اسکندر مومنی نے تہران ایئرپورٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

فورسز نے بلوچستان سے انسانی اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی

پاکستان کے راستے ایران اور یورپ جانے کی کوشش کرنیوالے 58 غیر قانونی مقیم افغان باشندے گرفتار

کوئٹہ (جی این ایم) پاکستان کے راستے ایران اور یورپ جانے کی کوشش کرنیوالے 58 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو بلوچستان سے حراست میں لے لیا گیا۔ سیکورٹی (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

خضدار میں زلزلے کے جھٹکے، شدت 4.5 ریکارڈ

خضدار (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع خضدار میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق خضدار میں آنے والے زلزلے کی شدت 4.5 ریکارڈ ہوئی ہے جبکہ گہرائی 30 کلو میٹر ریکارڈ کی گئی۔ زلزلہ پیما مرکز نے بتایا ہے کہ زلزلے کا مرکز خضدار سے 45 کلو میٹر مشرق میں تھا۔ زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوتے ہی شہریوں میں خوف و ہراس پھیل گیا اور علاقہ مکین گھروں اور دکانوں سے کلمہ طیبہ کا (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

بولان، ڈھاڈر کے علاقے نغاری کی سول ڈسپنسری شدید عدم توجہی کا شکار

عملہ پورا ہے اور نہ ادویات میسر، آبادی 25 ہزار سے تجاوز کر گئی مگر لوگ بنیادی صحت کی سہولیات سے محروم

بولان (یو این اے) کچھی کے علاقے ڈھاڈر کے گاں نغاری کی سول ڈسپنسری کے باہر میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے عرفان بوہڑ نے کہا کہ 1980 میں قائم ہونے والی یہ سول ڈسپنسری اب شدید عدم توجہی کا شکار ہے ڈسپنسری میں نہ تو عملہ پورا ہے اور نہ ہی مریضوں کے لیے ادویات میسر ہیں جس کی وجہ سے روزانہ کی بنیاد پر آنے والے غریب مریض بغیر علاج (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

لانگ مارچ ہر صورت ہوگا ہمیں کوئی نہیں روک سکتا، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

لانگ مارچ ہر صورت ہوگا ہمیں کوئی نہیں روک سکتا، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (اے این این) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کو ہر صورت اسلام آباد کے لیے نکلیں گے ہمیں کوئی نہیں روک سکتا۔ یہ بات انہوں نے وزیراعلیٰ ہاؤس پشاور میں تحریک انصاف کی پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو میں کہی۔ اجلاس میں مرکزی و خیبر پختونخوا قیادت چیئرمین تحریک انصاف بیرسٹر گوہر، اسد قیصر، عاطف خان، شاہد (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

صوبائی وزیر فیصل جمالی کا تحصیل گنداخہ کا دورہ، ترقیاتی اسکیموں کا معائنہ

حلقہ انتخاب کی خوشحالی کے لیے دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، فیصل خان جمالی

اوستہ محمد (یو این اے) صوبائی وزیر لائیوسٹاک وایم پی اے اوستہ محمد سردارزادہ فیصل خان جمالی کا تحصیل گنداخہ کا تفصیلی دورہ جاری ہے، جہاں انہوں نے مختلف ترقیاتی اسکیموں کا معائنہ کیا اور قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات اور معززین شہر سے ملاقاتیں کیں۔ اس موقع پر یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ گنداخہ سمیت (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

لورالائی، انسدادِ پولیو مہم کا پہلا روز، اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کا مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ

پانچ سال سے کم عمر تمام بچوں کو پولیو کے قطرے پلانا اولین ترجیح ہے، والدین بھرپور تعاون کریں، ندیم اکرم

لورالائی (یو این اے) پولیو مہم کے پہلے روز اسسٹنٹ کمشنر کے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کے دورے لورالائی میں 21 سے 24 ستمبر تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کے پہلے روز اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے مختلف ٹرانزٹ پوائنٹس کا دورہ کیا اور فیلڈ میں موجود پولیو ٹیموں کی کارکردگی، انتظامات اور بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع (باقی صفحہ 3 نمبر 40)

’دہشت گرد خودکش بمبار بنانا چاہتے تھے‘ ’بلوچستان سے بازیاب خواتین کے انکشافات‘

کوئٹہ (جی این ایم) سیکورٹی اداروں کی کارروائی کے دوران بلوچستان سے بازیاب کرائی گئی خواتین نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے دہشت گرد تنظیم فتنہ الہندوستان المعروف بی ایل اے سے لاتعلقی کا اعلان کیا ہے۔ پریس کانفرنس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے بازیاب خاتون صفیہ عبدالخالق نے بتایا کہ دہشت گردوں نے رابطہ قائم رکھنے کے لیے مجھے ایک موبائل فون دیا (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

کوئٹہ، ایڈیشنل سیکریٹری خزانہ ڈاکٹر جمیل احمد محکمہ خزانہ کے سب اکاؤنٹس کے پروموشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاور ڈویژن نے پروٹیکٹڈ فارمولے پر نظرثانی کا فیصلہ کرلیا

اسلام آباد (جی این ایم) پاور ڈویژن نے بجلی کے نان پروٹیکٹڈ گھریلو صارفین کو ریلیف دینے کی تجویز پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاور ڈویژن نے پروٹیکٹڈ فارمولے پر نظرثانی کا فیصلہ کرلیا، جس ماہ 200 یونٹ سے زیادہ بجلی استعمال ہوگی اضافی نرخ بھی اسی ماہ لئے جائیں گے۔ 5 ماہ تک اضافی ادائیگیاں نہیں کرنی پڑے گی۔ ذرائع کے مطابق 200 یونٹ سے (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

شیخ الحدیث مولانا محمد ادریس شہید کی شہادت عظیم دینی نقصان ہے، جے یو آئی

بدقسمتی سے جید علمائے کرام کو نشانہ بنایا جا رہا ہے، قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، حافظ محمد یوسف

کوئٹہ، پشاور (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا حافظ محمد یوسف جمعیت علمائے اسلام تحصیل سنجاوی کے امیر مولانا محمد یوسف نائب امیر مولانا حافظ عبد الباقی مولانا حافظ محمد رمضان نے کہا کہ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس شہید کی شہادت عظیم نقصان ہے جو نہ صرف ان کے خاندان بلکہ پورے علمی و دینی طبقے کے لیے گہرے صدمے اور فکریہ کا باعث ہے عالم اسلام کے لیے عظیم سانحہ ہے ان کے قاتلوں کی گرفتاری میں مرکزی وصوبائی حکومتیں ناکام ہوگئی بیان خیالات کا اظہار انہوں نے چارسدہ میں جمعیت علما اسلام کے مرکزی مجلس شوریٰ کے رکن سابق ایم پی اے اور ممتاز عالم دین شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد ادریس شہید کی الم ناک شہادت پر ان کے بڑے صاحبزادہ مولانا محمد انس سے تعزیت کے موقع پر دلی رنج وغم (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

موسم کا رنگ بدلنے کو تیار، بارش کے ساتھ تیز ہوائیں چلنے کی پیشگوئی

اسلام آباد (جی این ایم) آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں موسم خشک اور گرم جبکہ بالائی علاقوں میں تیز ہواں کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے مطابق شمالی پہاڑی علاقوں میں سہ پہر کے وقت مطلع جزوی طور پر ابر آلود رہنے کی توقع ہے۔ اسلام آباد میں موسم گرم اور خشک رہے گا، وفاقی دارالحکومت میں پارہ گزشتہ روز کی (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

صوبائی وزیر سے عوامی وفود کی ملاقات، مسائل سنے اور فوری حل کی یقین دہانی

عوام کی خدمت اور مسائل کا ازالہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے: حاجی نور محمد دمڑ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی منجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے ان کے دفتر میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے لوگوں اور عوامی وفود نے ملاقات کی اور اپنے درپیش مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کراچی، بھائی نے غیرت کے نام پر جوان بہن کو سر میں گولی مار کر قتل کر دیا

مقتولہ نے گزشتہ شب گھر والوں کو اپنے نکاح سے متعلق بتایا، جس پر رشتے دار اور بھائی طیش میں آگئے، پولیس

کراچی (جی این ایم) اورنگی ٹاؤن میں بھائی نے غیرت کے نام پر نوجوان بہن کو سر پر گولی مار کر قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق مومن آباد کے علاقے (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کی جائے، مجیب الرحمان

سڑکوں اور شہری بنیادی ڈھانچے کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے

بارکھان رکھنی (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات اور ترقیاتی وژن کے تحت کمشنر کوہ سلیمان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی نے رکھنی میں زیر تعمیر ماڈل بازار، عدالت روڈ، مین روڈ سے صمد خان گلی اور بائی پاس سمیت مختلف مقامات کا دورہ کر کے جاری (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

پرامن اسلام آباد سپر لانگ مارچ جاری رہے گا، لیاقت بلوچ

حکومت عوام کو حقیقی ریلیف دینے کے لیے ٹھوس اقدامات کا اعلان کرے، جے آئی

لاہور (اے این این) جماعت اسلامی پاکستان کی جانب سے واضح کیا گیا ہے کہ پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو معاشی ریلیف دلانے کے لیے جاری ملک گیر پرامن احتجاج اسلام آباد سپر لانگ مارچ کی صورت میں اگلے مرحلے میں داخل ہوگیا ہے اور حکومت کی جانب سے ٹھوس اقدامات سامنے آنے تک احتجاج ختم نہیں کیا جائے گا۔ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

پاکستانی آٹو انڈسٹری کا مستقبل مسابقتی لوکلائزیشن اور الیکٹرک موبیلٹی سے وابستہ ہے: رانا احسان افضل

حکومت آٹو سیکٹر کے لیے منصفانہ، مستقل اور مستقبل سے ہم آہنگ پالیسیاں تشکیل دینے کے لیے پُرعزم ہے

لاہور (اے این این) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے تجارت وصنعت رانا احسان افضل خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی آٹوموبائل صنعت کا مستقبل مسابقتی لوکلائزیشن، جدید ٹیکنالوجی اور الیکٹرک موبیلٹی میں مضمر ہے۔ حکومت صنعت کی پائیدار ترقی کے لیے تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے جامع، منصفانہ اور مستقبل سے ہم آہنگ پالیسیاں تشکیل دینے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار پاکستان انٹرنیشنل آٹو شو 2026 کے دوسرے روز لاہور (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

لورالائی، پانی کی قلت اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کریک ڈاؤن، درجنوں کنکشن منقطع

ڈی سی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ندیم اکرم کا آپریشن، ٹینکر مافیا کے خلاف بھی سخت کارروائی کا فیصلہ

لورالائی (یو این اے) ڈویژنل ہیڈکوارٹر لورالائی میں پینے کے پانی کی قلت اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف کارروائی کا سلسلہ جاری ہے۔ عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے سرکاری بور کی لائن سے غیر قانونی طور پر پانی حاصل کرنے والے کنکشنز کے خلاف کارروائی اور ٹینکر مافیا کے خلاف سخت اقدامات کی ہدایت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے محکمہ پبلک ہیلتھ اور پولیس نفری کے ہمراہ گزشتہ تین روز سے اوریاگی اور کوئٹہ روڈ سمیت مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے اب تک درجنوں غیر قانونی کنکشن منقطع کر دیے ہیں، جبکہ آپریشن مزید علاقوں میں بھی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق شہر کو فراہم کیے جانے والے پانی کی غیر قانونی چوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

صحبت پور میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کا آغاز کر دیا گیا

صحبت پور (اے این این) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے بچے کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر ضلع صحبت پور میں 21 ستمبر سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔ اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران ضلعی پولیو ٹیم کے ذمہ داران اور متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

کوئٹہ، صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ آفس میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

جماعت اسلامی کیخلاف شبر زیدی کے الزامات، ایف آئی اے سے ابتدائی رپورٹ طلب

کراچی (جی این ایم) جماعت اسلامی پر پیسے لیکر احتجاج کا الزام، شبر زیدی کیخلاف ڈائریکٹ کمپلین پر عدالت نے ایف آئی اے کو 30 دن میں ابتدائی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کردی۔ سابق چیئرمین ایف بی آر شبر زیدی کیخلاف جماعت اسلامی کراچی کے جنرل سیکریٹری توفیق الدین صدیقی نے شکایت دائر کی ہے۔ کمپلین کے مطابق شبر زیدی نے 10 جون کو آن لائن انٹرویو میں جماعت اسلامی اور امیر جماعت اسلامی پر الزامات عائد کیے، شبر زیدی (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

گھروں کی بحالی کے منصوبے میں کوتاہی برداشت نہیں ہوگی، کمشنر لسبیلہ ڈویژن

لسبیلہ (اے این این) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر کیلئے منظور شدہ پراجیکٹ میں شفافیت مالی نظم وضبط کیتحت پراجیکٹ کی کامیابی کو یقینی بنایا جائیگا یہ بات انہوں نے لیڈا کانفرنس ہال میں نیشنل رول سپورٹ پروگرام کی جانب سے دیگ، بریفنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ 2022 کے سیلاب میں جن متاثرین کے گھر سیلاب کی نذر ہوئے انکے گھروں کی بحالی پراجیکٹ میں کسی بھی سطح پر کوتاہی (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

اسلام آباد: چیف جسٹس پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نیشنل ڈیفنس یونیورسٹی کے انسٹرکٹر میجر جنرل محمد شہزاد خان کو سپریم کورٹ کا سوونیئر پیش کر رہے ہیں

جاگیردارانہ جمہوریت نہیں، شراکتی عوامی جمہوریت چاہتے ہیں، خالد مقبول صدیقی

سندھ میں چند خاندانوں کی اجارہ داری کے خاتمے کا آغاز ہوگیا ہے، ڈاکٹر فاروق ستار کا ریلی سے خطاب

کراچی (جی این ایم) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کی جانب سے ملک میں نئے انتظامی یونٹس کے قیام اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے حق میں کراچی میں عوامی ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارٹی کارکنوں، خواتین اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ گزشتہ شب ریلی کا آغاز عائشہ منزل شاہراہ پاکستان سے ہوا اور شرکا کریم آباد، لیاقت آباد، تین ہٹی اور گرومندر سے ہوتے ہوئے نمائش چورنگی پہنچے۔ ایم کیو ایم پاکستان کی جانب سے گزشتہ دنوں بھی نئے انتظامی یونٹس کے قیام کے مطالبے کو اجاگر کیا گیا ہے۔ نمائش چورنگی پر ریلی کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ جاگیردارانہ جمہوریت کے بجائے شراکتی عوامی جمہوریت ہونی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملک میں ایسے نظام کی ضرورت ہے، جس کے ثمرات عام شہری کی دہلیز تک پہنچیں اور اقتدار گلی محلوں تک منتقل ہو۔ خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ آج (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

صدر آصف علی زرداری کی آرمینیا کو 35 ویں یوم آزادی پر مبارکباد

اسلام آباد (یو این اے) صدر مملکت آصف علی زرداری نے جمہوریہ آرمینیا کے 35 ویں یوم آزادی کے موقع پر آرمینیا کی حکومت اور عوام کو پرتپاک مبارکباد پیش کی ہے۔ صدارتی سیکرٹریٹ کے میڈیا ونگ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق آرمینیا کے صدر واہگن خاچاتوریان کے نام اپنے تہنیتی پیغام میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان اور آرمینیا نے اپنے دوطرفہ تعلقات میں ایک نیا باب رقم کیا ہے۔ گزشتہ اگست میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

مرحوم عبدالغنی رئیسانی سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، لعل جان جعفر

کوئٹہ (یو این اے) سیکریٹری سکول ایجوکیشن بلوچستان لعل جان جعفر صاحب، سی ای او بیک منیر احمد نودیزئی نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کچھی بیگ محمد رئیسانی اور قادر رئیسانی کے والدمحترم کے انتقال پر ان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم عبدالغنی رئیسانی کی مغفرت کے لیے دعا کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان بالخصوص بیگ محمد رئیسانی قادر (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

بی ایف اے کی ملاوٹی دودھ اور دہی کے خلاف کارروائیاں، سیکڑوں لیٹر خراب دودھ تلف

کوئٹہ اور لورالائی میں 64 فوڈ بزنس یونٹس کا معائنہ، پانی کی ملاوٹ اور پاؤڈر کے استعمال پر جرمانے اور نوٹسز جاری، ڈی جی

کوئٹہ/لورالائی (یو این اے) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات کی روشنی میں ملاوٹی دودھ اور دہی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم جاری ہے جس کے تحت کوئٹہ اور لورالائی میں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے دودھ کی دکانوں، دودھ بردار گاڑیوں اور سپلائی ذرائع کی بھرپور چیکنگ کی۔ نوحصار، خیزی چوک، خدائیداد روڈ، کاسی روڈ، کواری روڈ اور ملحقہ علاقوں سمیت لورالائی میں کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 64 فوڈ بزنس یونٹس کا معائنہ کیا گیا، جبکہ 14 یونٹس کو جرمانے عائد کیے گئے۔ موبائل لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر 12,520 لیٹر دودھ اور 600 کلو دہی کی فوری جانچ کی گئی۔ ٹیسٹنگ کے دوران ملاوٹ اور ناقص معیار ثابت ہونے پر 320 لیٹر دودھ اور 60 کلو دہی موقع پر تلف کر دیا گیا۔ فوڈ سیفٹی ٹیموں کے مطابق مختلف کارروائیوں کے دوران دودھ میں پانی کی ملاوٹ اور اسکمڈ ملک پاؤڈر کے استعمال کے شواہد سامنے آئے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

خیبر پختونخوا میں فورسز کی کارروائیاں، 37 دہشت گرد ہلاک

حالیہ دہشت گردی کے تناظر میں سیکورٹی فورسز کے کوہاٹ، ہنگو اور تھل میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، بھاری اسلحہ و گولہ بارود تباہ

پاکستان نے ہمیشہ خطے میں امن و استحکام کے قیام کے لیے کوششیں کی ہیں، تاہم شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، سیکورٹی ذرائع

کوہاٹ (اے این این) خیبر پختونخوا میں سیکورٹی فورسز کی کارروائیوں میں 37 دہشت گرد مارے گئے۔ خیبر پختونخوا میں حالیہ دہشتگرد حملوں کے تناظر میں سیکورٹی فورسز نے کوہاٹ، ہنگو اور تھل کے علاقوں میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی ہیں، جس میں دہشتگرد تنظیموں کے ٹھکانوں اور محفوظ پناہ گاہوں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق صوبے میں سیکورٹی فورسز نے ایک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن میں 9 خوارج ہلاک کر دیا جب کہ افغانستان سرحدی علاقے میں 3 دہشتگرد ٹھکانے تباہ کر دیے گئے۔ 20 ستمبر کو سیکورٹی فورسز نے کوہاٹ اور ہنگو اضلاع میں دہشتگردوں کے ایک گروہ کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ گراؤنڈ آپریشن کیا۔ اس کارروائی کے دوران مؤثر اور درست انگیجمنٹ کے نتیجے میں بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگزئی بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر 7 روزہ انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

حکمران اپنی کرپشن، نااہلی کا بوجھ عوام پر منتقل کر رہے ہیں، حافظ نعیم

حکومت راستے بند کر کے عوام کو اسلام آباد پہنچنے سے نہیں روک سکتی، عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم لیوی کو مکمل ختم کیا جائے

ہمارا مطالبہ ہے پٹرولیم لیوی فی الفور ختم کی جائے، حکومت کہتی ہے لیوی نہیں لیں گے، تو پھر بتائیں پیسے کہاں سے آئیں گے، پریس کانفرنس

سکھر (اے این این) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ عوام سے بھاری ٹیکس وصول کر کے حکومت اپنی کرپشن، نااہلی اور شاہانہ اخراجات کا بوجھ غریبوں پر منتقل کر رہی ہے، پٹرولیم لیوی فوری طور پر ختم کی جائے۔ ایک لیٹر پٹرول پر 135 روپے ٹیکس وصول کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں، مہنگائی سے پسے عوام کا پیسہ حکمرانوں کی عیاشیوں پر خرچ کیا جا رہا ہے۔ سکھر میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اسلام آباد مارچ میں ملک کے چاروں اطراف سے عوام شریک ہوں گے۔ حکومت راستے بند کر کے لوگوں کو نہیں روک سکتی۔ اسلام آباد کو کنٹینرز سے بند کر کے حکومت عوام اور معیشت دونوں کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ انہوں نے حکومت کو مخاطب کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 32)